’’ہماری اسلامی شریعت کے مطابق کفارکے ہاتھو ں میں جو املاک ہیں وہ ان کے کفر کی وجہ سے ان کی جائز ملکیت تصور نہیں ہوتیں اور جب کبھی اسلام اگر انہیں ملکیت کا حق دیتا ہے تو وہ ایسا (ان کفار کے بارے میں)بنیادی اصول (کہ ان کا مال وجان حلال ہے)سے استثنائی صورت میں کرتا ہے،جیسے اہل الذمہ کے معاملے میں جب وہ جزیہ اداکریں یہی وجہ ہے کہ ہمارے علماء کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے مال کو ’’فے‘‘کا نام دیا ہے جس کے معنی ’’واپس لوٹانے ‘‘کے ہیں ،پس وہ کہتے ہیں کہ کفار کی املاک جو کہ (اصلاً)ان کی جائز ملکیت نہیں

ہیں ،مومنوں کی طرف واپس لوٹ آئی ہیں جو ان املاک کے ’’جائز‘‘مالک ہیں‘‘۔

(امام انور العولقی شہیدرحمہ اللہ کے مشہور فتوے ’’دار الحرب میں کفار کو ان کے اموال سے محروم کئے جانے کا حکم‘‘ سے اقتباس)

کفار کے ملکوں کی حیثیت:

شریعت میں بلاشبہ پوری دنیا کے ملک مسلمانوں کے لیے یاتو دارالحرب کا درجہ رکھتے ہیں یا پھر بامعاہدہ(حلیف)ہونے کا۔ لٰذا تمام کافر ملک تو اصل میں جنگجوملک(دارالحرب)ہیں اسی لیے ان کے خلاف ہر طرح کی لڑائی لڑنا جائز ہے ۔ جیساکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگجو ملکوں کے قافلوں کو روکتے جیساکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے قافلوں کو روکا اور کافر ملکوں کی عوام کو ضرورت پڑنے پر ضمانت کے طور پر (گروی)رکھ لیتے۔ جیساکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثقیف کی طرف سے اپنے صحابہ کو قیدی بنائے جانے پر اس کے حلیف قبیلہ بنوعقیل کے ایک آدمی کو قیدی بنالیا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگجو ملکوں کے اُن بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کے قتل کا فتوی دیتے تھے کہ جن کا(دشمن میں سے)پہچانا جانا ممکن نہ ہوتا اور جنگجوؤں تک انہیں قتل کیے بغیر پہنچنا ناممکن ہوتا۔ جیساکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف میں بھی ایسا کیا اور اس شہر پرمنجنیق کے ذریعے پتھروں کی بارش کی۔ لہٰذا جنگجو ملکوں کو نقصان پہنچانے سے منع کرنے والی شرعی حدود کا وجود نہیں ،ماسوائے اس کے کہ اگر عورتیں، بچے، اور بوڑھے واضح طورپر پہچانے

جاتے اور وہ جنگ وحملے میں دشمن کے مدد گار بھی نہ ہو تو اس صورت میں انہیں نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

لہذا کفارکے ملکوں کو دوحصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ایک قسم حربی(جنگجو)ہے۔ اور اصل ان کی یہی ہے۔ جبکہ دوسری قسم معاہد(حلیف)کی ہے۔ بخاری میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مشرکوں کی تقسیم کا ذکر آیا ہے۔ انہوں نے فرمایا:

((کان المشرکون علی منزلتین من النبی ﷺ والمؤمنین،مشرکی أهل حرب یقاتلهم ویقاتلونه ومشرکی أهل عهد لا یقاتلهم ولا یقاتلونه))

’’مشرکوں کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنوں کے ہاں دودرجے تھے ۔جنگجو مشرک جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم لڑتے اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑتے ۔ اور حلیف مشرک جن سے نہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لڑتے اور نہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑتے‘‘۔

شیخ یوسف العیری شہید کہتے ہیں:

’’والدول لا تکون ذمیة بل تکون أما حربیة أو معاهدة ، والذمة هی فی حق الأفراد فی دار الاسلام ‘‘۔

’’جبکہ ملک تو ذمّی نہیں ہوتے بلکہ یاتو جنگجو ہوتے ہیں یاپھر معاہدہ کرنے والے(حلیف)جبکہ دارالاسلام میں ذمّی صرف افراد کا حق ہوتا ہے‘‘

(حقیقة الحرب الصلیبیة الجدیدة)

امام انور العولقیؒ فرماتے ہیں:

''کوئی بھی قوم جو مسلمانوں سے جنگ میں (براہ راست)داخل ہوتی ہے یا مسلم اراضی میں حملہ کرنے میں شمولیت اختیار کرتی ہے وہ فی الحقیقت ''دار الحرب ''بن جاتی ہے''۔

(امام انور العولقی شہیدرحمہ اللہ کے مشہور فتوے ''دار الحرب میں کفار کو ان کے اموال سے محروم کئے جانے کا حکم''سے اقتباس)

کفار کے بچوں ،عورتوں ،بوڑھوں کا حکم:

شریعت نے''غیر حربی ''ہونے کے لئے جو استثنائی صورتیں بیان کی ہیں ان میں(معاہد،مستامن یاذمی ہونے کے علاوہ)بنیادی طور پر کسی کا بچہ یا عورت ہونا، انتہائی بوڑھا ،یا مزدورہوناوغیرہ ثابت ہوجائے۔ اس حوالے سے چنداحادیث درج ذیل ہیں:

حضرت عبداللہ بن عمررضی اللہ عنہما سے مروی ہے:

((عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ وُجِدَتْ امْرَأَةٌ مَقْتُولَةً فِي بَعْضِ مَغَازِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ))

'' رسول اللہ ﷺکے ایک غزوے کے دوران ایک عورت مقتول پائی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کردیا''۔

(صحیح البخاری،ج۱۰،ص۲۰۸،رقم الحدیث:۲۷۹۲)

اور مسلم کی ایک حدیث جو بُریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ:

((اغْزُوا بِاسْمِ اللَّهِ فِی سَبِیلِ اللَّهِ قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ اغْزُوا وَلَا تَغُلُّوا وَلَا تَغْدِرُوا وَلَا تَمْثُلُوا وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا))

’’اللہ کی راہ میں اللہ کے نام کے ساتھ حملہ کرو، ان لوگوں سے لڑو کہ جو اللہ کا انکار کرتے ہیں حملہ کرو اور غلو نہ کرو، اور نہ غداری کرو، اور نہ مثلہ کرو اور نہ بچے کو قتل کرو‘‘۔

(صحیح مسلم،ج۹،ص۱۵۰،رقم الحدیث:۲۱)

رباح بن ربیع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ:

((عَنْ جَدِّہِ رَبَاحِ بْنِ رَبِيعٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَرَأَى النَّاسَ مُجْتَمِعِينَ عَلَى شَيْءٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَامَ اجْتَمَعَ هَؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَى امْرَأَةٍ قَتِيلٍ فَقَالَ مَا كَانَتْ هَذِهِ لِتُقَاتِلَ قَالَ وَعَلَى الْمُقَدِّمَةِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا يَقْتُلَنَّ امْرَأَةً وَلَا عَسِيفًا))

’’ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ لوگ کسی کے گرد جمع ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا: ذرا دیکھو کہ یہ لوگ کس چیز کے گرد اکٹھے ہوئے ہیں؟ تو وہ شخص واپس آیا اور اُس نے بتایا کہ ایک مقتول عورت کے گرد۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہ:یہ تو لڑ نہیں سکتی

تھے صحابی نے کہا کہ مقدمہ(سب سے اگلے دستے)پرخالد بن الولید تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا:’’خالد سے کہو کہ وہ کسی عورت اور مزدور کو ہرگز قتل نہ کرے‘‘۔

(سنن ابی داود،ج۷،ص۲۷۴،رقم الحدیث:۲۲۹۵)

امام النووی ؒ نے فرمایا:

’’أَجْمَعَ الْعُلَمَاء عَلَى الْعَمَل بِهَذَا الْحَدِيث،وَتَحْرِيم قَتْل النِّسَاء وَالصِّبْيَان اِذَا لَمْ يُقَاتِلُوا ،فَاِنْ قَاتَلُوا قَالَ جَمَاهِير الْعُلَمَاء:يُقْتَلُونَ‘‘

’’علماء کا اس حدیث پر عمل کرنے اور ایسی عورتوں اور بچوں کے قتل کی حرمت پر اجماع ہے کہ جو لڑتے نہیں لیکن اگر وہ لڑیں تو جمہورعلماء کا کہنا ہے کہ انہیں قتل کیا جائے گا‘‘

(شرح النووی علی مسلم،ج۶،ص۱۸۸،رقم :۳۲۸۰)

اور آپ مزید فرماتے ہیں:

’’وكذلک كل من لم يكن من أهل القتال لا يحل قتله الا اذا قاتل حقيقة أو معنى بالرأی والطاعة والتحريض وأشباه ذلک‘‘

’’اور اسی طرح جو بھی لڑائی کے اہل نہ ہو اسے قتل کرنا حلال نہیں ماسوائے اس کے کہ وہ حقیقت میں لڑے یا لڑائی میں دشمن کورائے دے یا اس کی اطاعت کرے یا لڑائی پرابھارے اور اسی سے ملتے جلتے کام کرے‘‘۔

امام ابن حجر نے فرمایا کہ اس (سابق حدیث)کا مفہوم یہ ہے کہ:

’’فَاِنَّ مَفْهُومہ أَنَّهَا لَوْ قَاتَلَتْ لَقُتِلَتْ ‘‘

’’ اگر کوئی عورت لڑے تو اسے قتل کیا جائے‘‘۔

(فتح الباری،ج۹،ص۲۲۴،رقم۲۷۹۰)

یہ اور اسی طرح کی دوسری دلیلیں ہیں جوکہ عورتوں ، بچوں، حددرجہ بوڑھوں اور مزدور کو قتل کرنے سے مستثنیٰ قراردیتیں ہیں خواہ وہ جنگجو قوم سے ہی تعلق رکھتے ہوںمگر اس شرط کہ ساتھ کہ وہ لڑائی کے دوران پہنچانے جائیں اور لڑائی پر دشمن کی نہ تو فعل اور نہ قول سے کوئی مدد کرتے ہوں ،تویوںہی اُن کا قصداً قتل کرنا حرام ہوجاتا ہے۔ سوائے چند ایک صورتوں میں جیسے کہ دشمن کو معاملہ بالمثل(دشمن کو بدلہ کی سزا)دینے کی خاطر، جیسا آگے اس کا ذکر آئے گا۔

استثنائات

وہ حالات جن میں کفار کے بچوں ،عورتوں ،بوڑھوں کو مارنا بھی جائز ہوجاتاہے

اب ہم ان مخصوص حالتوں کا تفصیل سے ذکر کرتے ہیں جن میں کفار کی عورتوں، بچوں ، بوڑھوں اور ان جیسے دوسرے لڑائی کے نااہل لوگوں کا قتل کرنا جائز ہوتا ہے۔ خواہ قصداً یا بغیرارادۃ کے۔ کیونکہ احادیث میں ان ذکرکردہ کفار کے ان معصوم لوگوں کی عصمت مطلق(عام)نہیں۔بلکہ کچھ ایسی مخصوص حالتیں بھی ہیں کہ جن ان کا قتل جائز ہوجاتاہے ۔

چنانچہ درج ذیل حالات میں سے کسی بھی ایک حالت کے متعلق یہ ثابت ہوجائے کہ اس حالت میں بے قصور افراد کا قتل جائز ہوجاتا ہے اور ان تمام حالات کا بیک وقت پایا جانا ضروری نہیں ہے بلکہ ان میں سے کسی بھی ایک حالت میں ایسا کرنا جائز ہوجاتا ہے۔ یہ حالات مندرجہ ذیل ہیں:

پہلی صورت

کافر وں کے ساتھ گڈمڈ ہوجانا

پہلی صورت یہ ہے کہ کفار کے بوڑھوں، عورتوں اور بچوں جیسے معصوم لوگوں کادوسرے کافروں کے ساتھ بغیر قصد کے قتل کرنا اس شرط کے ساتھ جائزہے کہ وہ ان جنگجوؤں کے ساتھ اور قلعوں میں نشانہ بنیں کہ جن کے سبب انہیں پہچانا نہ جاسکے تو اس صورت میں

انہیں قتل کرنا جائز ہے۔ اس کی دلیل وہ حدیث ہے جو صحیحین میں الصعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

((قَالَ سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ الذَّرَارِیِّ مِنْ الْمُشْرِکِینَ یُبَیَّتُونَ فَیُصِیبُونَ مِنْ نِسَائِہِمْ وَذَرَارِیِّہِمْ فَقَالَ ھُمْ مِنْھُمْ))۔

’’انہوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکوں کی اولادوں کے بارے میں سوال کیا گیا کہ جب رات کے وقت اُن(مشرکوں)پر حملہ کرتے ہیں تو ان کی عورتیں اور بچے بھی نشانہ بن جاتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((ھُمْ مِنْھُمْ))’’وہ انہی میں سے ہیں‘‘۔

(صحیح مسلم،ج۹،ص۱۷۷رقم الحدیث:۳۲۸۱)

یہ حدیث کفار کی عورتوں، بچوں کو ان کے باپوں کے ساتھ اُس صورت میں قتل کرنے کے جوازکی دلیل ہے کہ جب وہ پہچانے نہ جائیں۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ:

((ھُمْ مِنْ آبَائِہِمْ))۔

’’وہ اپنے باپوں میں سے ہیں‘‘۔

(صحیح مسلم،ج۹،ص۱۹۷رقم الحدیث:۳۲۸۳)

حضرت عبدا للہ بن عمرو ؓسے روایت ہے :

((إِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَغَارَ عَلَی بَنِی الْمُصْطَلِقِ وَھُمْ غَارُّونَ وَأَنْعَامُھُمْ تُسْقَی عَلَی الْمَاءِ فَقَتَلَ مُقَاتِلَتَھُمْ وَسَبَی ذَرَارِیَّھُمْ))

’’نبی کریم ﷺنے بنی مصطلق پر چھاپہ مار اجبکہ وہ غفلت کے عالم میں تھے اور ان کے جانوروں کو پانی پلایا جارہا تھا۔ ان میں سے جو لوگ لڑنے والے تھے ان کو تو آپ ﷺنے قتل کردیا اور عورتوں اور بچوں کو قید کرلیا‘‘۔

(صحیح البخاری،ج۸،ص۴۷۲،رقم الحدیث:۲۳۵۵)

((أمر علینا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ،أبا بکر فغزونا ناسا من المشرکین، فبیتناهم،وقتلناهم،وکان شعارنا أمت،أمت،قال سلمة:فقتلت بیدی تلک اللیلة ، سبعة أهل أبیات))

’’رسول اللہ ﷺنے حضرت ابوبکر ؓکو ہمارے لشکر کا امیر بنادیا،پس ہم نے مشرکین سے جنگ کی ،ان پر شب خون مارا اور ان کو قتل کیا ،اس رات ہمارا خفیہ اشارہ ’’اَمِتْ اَمِت‘‘تھا۔حضرت سلمہؓفرماتے ہیں کہ اس رات میں اپنے ہاتھ سے سات گھروں کے مشرکوں کو قتل کیا‘‘۔

(صحیح ابن حبان،ج۲۰،ص۹،رقم الحدیث:۴۸۳۳)

یہ حدیث کم وبیش الفاظ کے ساتھ سنن ابی داود،مسند احمد موجود ہے اور امام حاکم اس کو مسلم کی شرائط پر صحیح قرار دیاہے ۔

جمہور(علماء)کی رائے ہے کہ کفار کی عورتوں اور ان کی اولادوں کو قصداً قتل نہیں کیا جائے گا۔ لیکن اگر ان کے باپوں کے قتل تک انہیں (بچوں، عورتوں)کو بغیر پہنچانے کے نشانہ بنایاجائے تو پھر یہ (ان عورتوں بچوں کا قتل)جائز ہے۔

امام ابن حجر ؒ صعب بن جثامہ ؓ والی حدیث کے ضمن میں فرمایا:

’’قَوْلہ:(عَنْ أَهْل الدَّار)أَیْ الْمَنْزِل،هَكَذَا فِی الْبُخَارِیّ وَغَيْرہ وَوَقَعَ فِی بَعْض النُّسَخ مِنْ مُسْلِم ’’سُئِلَ عَنْ الذَّرَارِیّ‘‘قَالَ عِيَاض:الْأَوَّل هُوَ الصَّوَاب،وَوَجَّہ النَّوَوِیّ الثَّانِی وَهُوَ وَاضِح.قَوْلہ:(هُمْ مِنْهُمْ)أَیْ فِی الْحُكْم تِلْكَ الْحَالَة،وَلَيْسَ الْمُرَاد ابَاحَة قَتْلهمْ بِطَرِيق الْقَصْد اِلَيهِمْ ، بَلْ الْمُرَاد اذَا لَمْ يُمْكِن الْوُصُول الَى الْآبَاء الَّا بِوَطْئ ِ الذُّرِّيَّة فَاِذَا أُصِيبُوا لِاخْتِلَاطِهِمْ بِهِمْ جَازَ قَتْلهمْ ۔‘‘

’’آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ اہل دار سے مراد گھروالے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ وہ انہی میں سے ہیں یعنی اس حالت میں(شرعی)حکم میں اور اس سے قصداً(ارادے کے ساتھ)انہیں قتل کی اباحت مراد نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ اگر بڑوں تک بچوں کو روندے بغیر پہنچنا ممکن نہ ہو اور وہ (بچے)اُن(بڑوں)کے ساتھ اختلاط کی وجہ سے نشانہ بن جائیں تو اس صورت میں اُن کا قتل جائز ہے۔‘‘

(فتح الباری لابن حجر،ج۹،ص۲۲۴،رقم :۲۷۹۰)

امام مسلم صحیح مسلم میں باقاعدہ یہ باب باندھتے ہیں’’بَاب جَوَازِ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فِی الْبَيَاتِ مِنْ غَيْرِ تَعَمُّدٍ‘‘’’رات میں غیر ارادی طور پر عورتوں اور بچوں کے قتل کا جواز‘‘اورامام النووی ؒ، صحیح مسلم کی اپنی شرح میں اس باب کے تحت آنے والی احادیث پر فرماتے ہیں :

((سُئِلَ عَنْ حُكْم صِبْيَان الْمُشْرِكِينَ الَّذِينَ يَبِيتُونَ فَيُصَاب مِنْ نِسَائِهِمْ وَصِبْيَانهمْ بِالْقَتْلِ ، فَقَالَ :هُمْ

مِنْ آبَـائِہِمْ أَیْ لَا بَـأْسٍ بِـذَلِکَ ؛ لِأَنَّ أَحْکَـام آبَـائِہِمْ جَارِیَـــة عَلَیْہِمْ فِی الْمِـــیرَاث وَفِی النِّکَـــاح وَفِی الْقِصَاص وَالدِّیَات وَغَیْر ذَلِکَ،وَالْمُرَاد اِذَا لَمْ یَتَعَمَّدُوا مِنْ غَیْر ضَـرُورَة .وَأَمَّا الْحَـدِیث السَّـابِق فِی النَّہْی عَنْ قَتْل النِّسَاء وَالصِّبْیَان،فَالْمُرَاد بِہِ اِذَا تَمَیَّزُوا،وَھَذَا الْحَدِیث الَّذِی ذَکَرْنَاہُ مِنْ جَوَاز بَیَاتھمْ وَقَتْل النِّسَـاء وَالصِّـبْیَان فِی الْبَیَـات ،ھُـوَ مَـذْھَبنَا وَمَـذْھَب مَالِـک وَأَبِی حَنِیفَـــــــــــة وَالْجُمْھُـــــــــــور.وَمَعْنَی ’’الْبَیَات‘‘،’’وَیَبِیتُون‘‘أَنْ یُغَار عَلَیْہِمْ بِاللَّیْـلِ بِحَیْثُ لَا یُعْـرَف الرَّجُـل مِنْ الْمَـرْأة وَالصَّـبِیّ ......وَفِی ھَـذَا الْحَدِیث:دَلِیل لِجَوَازِ الْبَیَات،وَجَوَاز الْاِغَـارَة عَلَی مَنْ بَلَغَتْہُمْ الـــدَّعْوَة مِنْ غَیْـــر اِعْلَامھمْ بِـــذَلِکَ .وَفِیہِ :أَنَّ أَوْلَاد الْکُفَّار حُکْمھمْ فِی الـــدُّنْیَا حُکْم آبَـــائِہِمْ ،وَأَمَّا فِی الْآخِـــرَة فَفِیھمْ اِذَا مَـــاتُوا قَبْـــل الْبُلُـــوغ ثَلَاثَـــة مَـــــذَاھِب:الصَّـــــحِیح:أَنَّہُمْ فِی الْجَنَّة .وَالثَّانِی :فِی النَّار .وَالثَّالِث :لَا یُجْـــزَم فِیھمْ بِشَـــیْئٍ .وَاَللّٰہ أَعْلَم ۔‘‘

’’اور اسکا مطلب یہ ہے کہ جب رسول اللہﷺسے مشرکین کی عورتوںاور بچوں پرحملے سے متعلق پوچھاگیا،اور اسکے نتیجے میں عورتیں اور بچے مارے جائیں تو آپﷺ نے وضاحت کرتے ہوئے کہا:

((ھُمْ مِنْ آبَائِھِمْ))’’یہ اپنے باپوں میں سے ہیں‘‘۔ دوسرے الفاظوں میں اس میں کوئی مضائقہ نہیںہے اس لئے کہ ان پر ویسا ہی حکم لگے گا جو انکے باپوں کا ہے،وصیت میں،شادی بیاہ میں،قصاص و دیت میں اور ان جیسے دوسرے معاملات میں۔اور اس سے مراد یہ بھی ہے کہ یہ(قتل)قصداً نہ ہو اور ضرورت کے علاوہ قتل نہیں کیا جائیگا جیساکہ پچھلی احادیث میں ذکر کیاگیا ہے عورتوں اور بچوں کے قتل کی ممانعت کے حوالے سے، تو اس سے مراد یہ ہے کہ

اگر(عورتوں اور بچوں کے درمیان)تفریق ممکن ہو۔اور(صعب والی)حدیث جو ہم نے ابھی ذکر کی رات کو عورتوں اور بچوں کے قتل کی اجازت سے متعلق، یہی ہماری علمی رائے ہے اور یہی مذہب اما م مالک رحمہ اللہ،امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اور دیگرجمہور علماء کا ہے۔اور رات کے چھاپوں کا مطلب جب ان کے خلاف رات کو حملہ کیا جائے جبکہ ایک آدمی کو عورتوں اور بچوں سے ممتاز نہ کیا جاسکے ،اوریہاں اس حدیث میں رات کے حملو ں کا بھی ثبوت ملتا ہے،اوراس میں اس بات کی بھی اجازت ملتی ہے کہ ان لوگوں پرغفلت میں بھی حملہ کرنے کیا جاسکتاہے جن تک دعوت پہنچ چکی ہو ،اور اس (حدیث)سے یہ بھی پتا چلتاہے کہ مشرکین کے بچوں کا حکم اس دنیا میں وہی ہے جو ان کے باپوں پر حکم ہے اور جہاں تک ان کا آخرت میں معاملہ ہے اگروہ بلوغت سے پہلے مرجائیں تو اس پر علماء کی تین آرا ہیں:(پہلی)صحیح رائے یہ ہے کہ وہ جنت میں ہوں گے،دوسری رائے یہ ہے کہ وہ جہنم میں ہوں گے،اور تیسری رائے یہ ہے کہ ان کے بارے میں کوئی بات طے شدہ نہیں ہے۔واللہ اعلم‘‘۔

(شرح النووی علی مسلم،ج۶،ص۱۸۹،رقم :۳۲۸۱)

یہاں ایک نکتہ بہت قابل غورہے کہ امام نووی ؒکہہ رہے ہیں کہ ’’کفار کے بچوں کا آخر ت کے حکم پر اختلاف ہے ‘‘مگر اس دنیا میں انہوں نے کسی اختلاف کا ذکر ہی نہیں کیا یعنی دنیا میں کفار کے بچو ں کا وہی حکم ہے جو ان کے باپوں کا حکم ہے۔امام شافعی ؒفرماتے ہیں:

’’قال الشافعی وحدیث الصعب بن جثامة فی عمرة النبی فان کان فی عمرتہ الاولی فقد قیل أمر بن أبی الحقیق قبلها وقیل فی سنتها وان کان فی عمرتہ الآخرة فهو بعد أمر بن أبی الحقیق غیر شک (واللہ اعلم)صلی اللہ علیہ وسلم ولم نعلمہ صلی اللہ علیہ رخص فی قتل النساء والولدان ثم نهی عنہ ومعنی نهیہ عندنا واللہ أعلم عن قتل النساء والولدان أن یقصد قصدهم بقتل وهم یعرفون متمیزین ممن أمر بقتلہ منهم ومعنی قولہ هم منهم انهم یجمعون خصلتین أن لیس لهم حکم الایمان الذی یمنع بہ الدم ولا حکم دار الایمان الذی یمنع بہ الاغارة علی الداروغذا أباح رسول اللہ البیات والاغارة علی الدار فاغار علی بنی المصطلق غارین فالعلم یحیط ان البیات والاغارة اذا حل باحلال رسول اللہ لم یمتنع أحد بیت أو أغار من أن یصیب النساء والولدان فیسقط المأثم فیهم والکفارة والعقل والقود عن من أصابهم اذ أبیح لہ أن یبیت ویغیر ولیست لهم حرمة الاسلام ولا یکون لہ قتلهم عامدا لهم متمیزین عارفا بهم فانما نهی عن قتل الولدان لانهم لم یبلغوا کفرا فیعلموا بہ وعن قتل النساء لانہ لا معنی فیهن لقتال وأنهن والولدان یتخولون فیکونون قوة لاهل دین اللہ‘‘

’’اور ہم یہ نہیں سمجھتے کہ آپ ﷺ نے رخصت دی ہو عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ،اور پھر بعد میں اس سے منع کردیا ہو۔ عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت سے مراد ،ہمارے مطابق (واللہ اعلم)یہ ہے کہ قصداً اُن کونہ مارا جائے جبکہ وہ پہچانے جاسکتے ہوں تو اور ا ن میں تفریق کی جاسکتی ہو ان لوگوں میں سے جن کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے.........اور اللہ کے رسول ﷺ کا یہ کہنا ہے کہ (هم منهم)’’یہ

انہی میں سے ہیں‘‘کا مطلب یہ ہے کہ ان میں دو خصوصیا ت ہیں،ایک یہ کہ ان پر ’’ایمان ‘‘ کا حکم نہیں ہے (یعنی مسلمان نہیں ہیں)جس سے ان کا خون حرام ہوجائے،اور نہ ہی ان پر دارالاسلام میں رہنے کا حکم لگتا ہے جس سے ان کے گھروں پر حملے کرنے کی ممانعت ہواور اسی وجہ سے اللہ کے رسول ﷺ نے رات کے حملو ں کی اجازت دی اور ان کے گھروں پر حملے کی جب انہوں نے حملے کیا بنی مصطلق پر اس وقت جب وہ غافل تھے.اور یہ بات طے شدہ ہے کہ رات کے حملے اور چھاپوںکی اجازت جو اللہ کے رسول ﷺ کی اجازت سے تھی اس میں یہ ممکن نہ تھا کہ کوئی رات کو حملے کرے اور چھاپے مارے بغیر عورتوں اور بچوں کو قتل کئے بغیر.........تو جو گناہ ،کفارہ اور دیت اور قصاص ان پر لاگو نہیں ہوتا ان کے حوالے سے جن پر حملے کیا گیا ہے۔ اگر رات کے حملے اور چھاپوں کی اجازت ہو اور ان کو اسلام کی حرمت (امان)حاصل نہیں ہے،اورایسانہیں ہوتا کہ ان کو قصداً مارا جائے جب ان کو پہچانا جاسکتا ہو یا ان کی تفریق کی جاسکتی ہواور رہا بچوں کے قتل کرنے کا ممانعت کا معاملہ تو وہ ممانعت اس لئے ہے کہ وہ ابھی کفر پر بالغ نہیں ہوئے ہیں اور اس پر عمل نہیں کیا جس وجہ سے ان کو قتل کیا جاسکے ،اور اسی طرح عورتوں کا معاملہ ہے کیونکہ ان میں جنگ کی طاقت نہیں ہے اور اس لئے بھی کہ وہ (عورتیں)اور بچے غنیمت ہیں اور جو کہ ایک اضافی قوت ہوسکتی ہے اللہ بزرگ وبرتر کے دین کے ماننے والوں کے لئے ہے۔‘‘

(الرسالۃ:۲۹۹)

امام ابن الاثیر ؒکہتے ہیں کہ:

’’یبیتون:التبییت طُروق العدو لیلاً،علی غفلة للغارة والنھب،وقولہ ((ھم منھم))أی حکمھم وحکم أھلھم سواء،وکذلک قولہ فی روایة ((ھم من آبائھم))۔‘‘

’’’’یبیتون‘‘ کا مطلب ہے کہ دشمن کے پاس رات کو اور ان کی غفلت کے وقت ان پر حملہ کرنااور غنیمت لوٹنا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے کہ’’وہ انہی میں سے ہیں‘‘ یعنی اُن (بچوں،عورتوں)کا شرعی حکم اور اُن کے گھروالوں کا (شرعی)حکم ایک ہے۔اسی طرح کا مفہوم ایک روایت میں ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے ’’وہ تو اپنے باپوں میں سے ہیں‘‘۔

(جامع الاصول۲/ ۷۳۳)

علامہ ابن قدامہؒ نے میں فرمایا کہ:

’’ویجوز قتل النساء والصبیان فی البیات(الھجوم لیلا)وفی المطمورة اذا لم یتعمد قتلھم منفردین،ویجوز قتل بہائمھم لیتوصل بہ الی قتلھم وھزیمتھم ،ولیس فی ھذا خلاف‘‘

’’عورتوں او ربچوں کا رات کے حملہ میں اور انکی رہائش گاہ میں اس صورت میں قتل کرنا جائز ہے کہ جب اکیلے انہیں قتل کرنا مقصود نہ ہو۔ اور اُن (کفار)کے قتل اور اُن کی شکست کیلئے اُن کے جانوروں کو قتل کرنا جائز ہے۔اور اس میں کوئی اختلاف نہیں‘‘۔

(المغنی والشرح۱۰/۱۵۳)

المغنی ہی میں انہوں نے فرمایا کہ:

’’فَصْــــلٌ:وَيَجُــــوزُ تَبْيِيتُ الْكُفَّارِ،وَهُــــوَ كَبْسُــــهُمْ لَيْلًا ،وَقَتْلُهُمْ وَهُمْ غَــــارُّونَ.قَــالَ أَحْمَــدُ:لَا بَــأْسَ بِالْبَيَاتِ،وَهَلْ غَزْوُ الرُّومِ إلَّا الْبَيَاتُ،قَالَ:وَلَا نَعْلَمُ أَحَدًا كَرِهَ بَيَاتَ الْعَدُوِّ ،وَقَرَأَ عَلَيْهِ:سُفْيَانُ،عَنْ الزُّهْرِيِّ ،عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ،عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ،عَنْ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ.قَالَ:سَمِعْت رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْأَلُ عَنْ الدِّيَارِ مِنْ الْمُشْرِكِينَ،نُبَيِّتُهُمْ فَنُصِيبُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ؟فَقَالَ:((هُمْ مِنْهُمْ)) .فَقَالَ:إسْنَادٌ جَيِّدٌ.فَإِنْ قِيلَ : فَقَدْ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالذُّرِّيَّةِ.قُلْنَا :هَذَا مَحْمُولٌ عَلَى التَّعَمُّدِ لِقَتْلِهِمْ .قَالَ أَحْمَدُ :أَمَّا أَنْ يَتَعَمَّدَ قَتْلَهُمْ ، فَلَا .قَالَ : وَحَدِيثُ الصَّعْبِ بَعْدَ نَهْيِهِ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ ؛ لِأَنَّ نَهْيَهُ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ حِينَ بَعَثَ إلَى ابْنِ أَبِي الْحَقِيقِ.وَعَلَى أَنَّ الْجَمْعَ بَيْنَهُمَا مُمْكِنٌ ، يُحْمَلُ النَّهْيُ عَلَى التَّعَمُّدِ ،وَالْإِبَاحَةُ عَلَى مَا عَدَاهُ .‘‘

’’فصل :اور کفار پر رات کے وقت (اچانک)حملہ کرنا اور انہیں اس حملے میں قتل کرنا جائز ہے۔ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ :رات کے وقت حملہ کرنے میں کوئی حرج نہیں اور رومیوں پر حملے تو صرف رات کے وقت ہی ہوتے تھے۔ اور (امام احمد)نے فرمایا :’’ہمیں نہیں معلوم کہ کسی نے دشمن پر رات کے وقت حملہ کرنے کو مکروہ سمجھا ہو۔ انہیں سفیان نے زہری سے بیان کیا، اُنہوں نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے انہوں نے الصعب بن جثامہ سے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے(ایسے وقت)سنا کہ(جب)آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکوں کے گھروں کے بارے میں سوال کیاگیا کہ ہم رات کے وقت اُ ن پر جب حملہ کرتے ہیں تو ہم اُنکی عورتوں اور انکے بچوں کو نشانہ بناتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ

وسلم نے فرمایا کہ :''وہ تو اُنہی میں سے ہیں''۔ تو(امام احمد نے)کہا کہ اس کی سند جید (اچھی)ہے۔سو اگر کہاجائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے توعورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کسی شخص کے لیے ان (عورتوں،بچوں)کو جان بوجھ کرقتل کرنے کا ارادہ کرے تو یہ جائز نہیں۔مزید فرمایا کہ الصعب کی حدیث:آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عورتوں کو قتل کرنے سے منع کرنے کے بعد کی ہے ، اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو قتل کرنے سے اُس وقت منع کیا تھاکہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن ابی الحقیق کی طرف(پیغام)بھیجاتھا،اور ان دونوں حدیثوں میں تطبیق یہ بنتی ہے کہ نہی(منع کرنا)کو ارادے سے قتل کرنے پر محمول کیاجائے جبکہ (قتل کے)جواز کو اس(کے ارادے کے بغیر)علاوہ پر محمول کیا جائے''۔

(المغنی،۲۱،ص۱۰۱،رقم:۷۵۷۵)

امام ابن ِ تیمیہ ؒ کہتے ہیں :

''نَعَمْ المحرَّم انما هو قصد قتلهن،فأمَّا اذا قصدن قصد الرِّجال بالاغارة أو برمی منجنیق أو فتح (شق)أو القاء نارٍ فتَلِف بذلک نساءٌ أو صبیان لم نأثم بذلک؛لحدیث الصَّعْبِ بن جَثَّامة أنہ سال النبی ﷺ أهل الدَّار من المشرکین یُبَیَّتُونَ فیُصاب الذُّرِّیة،فقال((هُمْ مِنْهُمْ))متفق علیہ،ولأن النبی ﷺ رمی أهل الطائف بالمنجنیق مع أنہ قد یصیب المرأة والصبی،وبکل حال فالمرأة الحربیة غیر مضمونة بقود ولا دیةٍ ولا کفارةٍ،لأن النبی ﷺ لم یأمر مَن قَتَل المرأة فی مغازیہ بشیئ من

ذلک،فهذا (ما تفارق) بہ المرأة الذمية، واذا قاتلت المرأة الحربية جاز قتلها بالاتفاق‘‘۔

’’عورتوں کو قتل کرنے کا ارادہ حرام ہے البتہ ہم جب (کفار)کے مردوں پر غارت ڈالنے یا توپ چلانے یا آگ پھینکنے کا قصد کرتے ہیں تو اس سے عورتوں اور بچوں کا بھی جانی نقصان ہوتا ہے مگر اس سے گناہ لازم نہیں آتا،اس کی دلیل حدیث صعب بن جثامہ ہے۔صعب بن جثامہ نے رسول کریم ﷺسے پوچھا کہ ’’مشرکین کے گھروں میں بچے بھی ہوتے ہیں اور شب خون مارتے وقت وہ بھی حملے کا شکار ہوجاتے ہیں(تو ان کا کیا حکم ہے)؟آپﷺنے فرمایا:’’وہ انہیں میں سے ہیں‘‘(بخاری ،مسلم)نبی کریم ﷺنے اہل طائف پر سنگ باری فرمائی تو اس میں عورتیں اور بچے بھی شکار بنے ،تو اس سے معلوم ہوا کہ حربی عورت (جوکہ ذمی نہ ہو یا کسی عہد کے تحت نہ ہو)اس کو قصداً مارنے پر کوئی سزا لازم نہیں آتی ،نہ ہی دیت اور نہ ہی کفارہ، اور یہ اس لئے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺنے کسی ایسی چیز کا مطالبہ نہیں کیا ان سے جنہوں نے جنگ کے دوران عورتوں کو قتل کیا ۔اس لئے اس حکم سے ذمی عورت کا فرق ظاہر ہوجاتا ہے۔ اور یہ بھی کہ حربی عورت جب جنگ میں شامل ہو تو اس کا قتل بالاتفاق جائز ہوجاتا ہے۔‘‘

(الصارم المسلول،متی حرم قتل النسآء)

یہاں یہ معلوم ہی ہے کہ بلاشبہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اچانک اور رات کے وقت حملے کی حالت میں بچوں کے قتل کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس ضرورت کے حجم کی تفصیل نہیں پوچھی کہ جس نے مجاہدین کو اس رات کے حملے

پر مجبورکیا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم(اسی ضرورت کی بنیاد)مجاہدین کے لئے کفار کے معصوم لوگوں یعنی عورتوں اور بچوں کے قتل کو جائز قرار دیں۔ جبکہ شرعی قاعدہ کہتاہے کہ:

’’ترک الاستفصال فی مقام الاحتمال ینزل منزلة العموم فی المقال‘‘

’’احتمال کے مقام پر تفصیل طلب نہ کرنا،قول کو عمومیت کا درجہ دے دیتاہے‘‘۔

لہٰذا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمومیت والا فرمان کہ’’وہ اُنہی میں سے ہیں‘‘، بغیر کسی ضابطہ(مخصوص کرنے)کے اسلامی لشکر کے لئے جائز قرار دیتاہے کہ جب وہ دیکھیں کہ اُنہیں اچانک حملہ کرنے کی ضرورت ہے تو ان کے لئے ایسا کرنا جائز ہے، خواہ اسکے نتیجے میں عورتیں ،بچے اور بوڑھے وغیرہ مارے جائیں اورخواہ اچانک حملہ کرنے کی کوئی شدید ترین ضرورت نہ بھی ہو۔کیونکہ جس علت(سبب)کی خاطر رات کے وقت حملہ کرنے کی صورت میں عورتوں اور بچوں کا قتل کرنا جائز ہواہے وہ ہے دشمن کی قوت کو کمزور کرنے اور اسکے مدافعتی نظام پر کاری ضرب لگانے کی ضرورت ہے۔جو کہ اسکے مردوں کو قتل اور اسکے قلعوں کو گرانے سے حاصل ہوتی ہے، خواہ اس میں غیر جنگجو افراد ہی کام آجائیں۔

شیخ ناصر بن فہد فک اللہ اسرہ وہ احادیث جن میں بچوں اور عورتوں کے قتل کی ممانعت آئی ہے اور جن احادیث میں ان کے قتل کی اجازت دی ہے ،ان میں تطبیق کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’اگر ہم ان ساری احادیث کو جمع کریں تو یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ دراصل جس بات سے منع کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ عورتوں اور بچوں کو

قتل کرنے کی نیت سے ان پر حملہ کیا جائے۔البتہ اگر وہ ضمناً مارے جائیں ،مثلاً شب خون یا چھاپہ مار کاروائی کی صورت میں ،یا جب ان میں اور مقاتلین میں تمیز کرنا ممکن نہ ہو ،پھر انہیں قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں،کیونکہ عورتوں اور بچوں کی موجودگی کی وجہ سے جہاد معطل نہیں کیا جاسکتا‘‘۔

(’’حکم استخدام أسلحہ الدمار الشامل ضد الکفار ‘‘باب دوم للشیخ ناصر بن فهد)

لہٰذا عورتوں اور بچوں کے قتل کے جواز کی علت،دشمن کے دفاع کو کمزور کرنا ہی ہے۔جیسا کہ عورتوں اور بچوں کے قتل کے جواز کی تمام نصوص(دلیلوں)سے واضح ہے(اور جن کا ذکر آئے گا)۔سو دشمن کی طاقت کے اسٹریٹجک مراکز کو نشانہ بنانے کے سبب عورتوں اور بچوں کا قتل ہونا یہ اچانک حملہ الغارہ برابر ہے۔کیونکہ وہ علت جس کی وجہ سے اچانک حملہ(الغارہ)میں کفار کے عورتوں اور بچوں کا قتل جائز ہوا، آج بھی وہی (علت)دشمن کے اسٹریجیٹک مراکز کی ایک بڑی شکل کی صورت میں موجود ہے،جس کی مصلحت صرف جنگجوؤں کے قتل سے بڑھ جاتی ہے۔

امام ابن قدامہؒ امام احمد بن حنبلؒ کا یہ قول نقل فرماتے ہیں:

’’لَا بَأْسَ بِالْبَيَاتِ،وَهَلْ غَزْوُ الرُّومِ الَّا الْبَيَات،قَالَ:وَلَا نَعْلَمُ أَحَدًا كَرِهَ بَيَاتَ الْعَدُوِّ ‘‘

’’شب خون مارنے میں کوئی حرج نہیں ہے،کیا روم پر حملہ شب خون کے سوا کچھ بھی تھا ؟‘‘نیز آپ ؒنے یہ بھی فرمایا:’’ہمارے علم میں

نہیں کہ کسی نے دشمن پر شب خون مارنے کو ناپسند کیا ہو‘‘۔

(المغنی،ج۲۱،ص۱۰۱،رقم:۷۵۷۵)

حافظ ابن حجر عسقلانی ؒبھی امام احمد حنبل ؒکا یہ قول نقل فرماتے ہیں کہ:

’’لَا بَأْس بِالْبَيَاتِ وَلَا أَعْلَم أَحَدًا كَرِهَهُ‘‘۔

’’رات کے وقت ان(کفار)پر شب خون مارنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور میں نہیں جانتا کہ کسی (عالم)نے بھی اس بات سے اختلاف کیا ہو‘‘۔

(فتح الباری لابن حجر،ج۹،ص:۲۲۳،باب اہل الداریبیتون فیصاب)

دوسری صورت

کفار کے عورتوں ،بوڑھوں اور بچوں کا مسلمانوں کے خلاف جنگ میں کسی بھی طرح شریک ہونا

اُن معصوم الدّم لوگوں یعنی عورتوں،بچوں اور بوڑھوں وغیرہ کہ جن کا قتل کرنا حرام ہے،اُنہیں اس حالت میں قتل کرنا جائز ہے کہ جب وہ مسلمانوں کے خلاف ہتھیار اُٹھالیں یا ایسے کام سرانجام دیں کہ جو لڑائی کے کاموں کے معاون بنیں،خواہ یہ جاسوسی کرنے یا امداد دینے یارائے دینے یااسی طرح کے دوسرے کام ہوں۔

یہ (جواز)رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے علت کو اُس حدیث میں بیان کرنے کی وجہ سے واضح ہے

جواحمد اور ابوداؤد نے رباح بن ربیع رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے:

((قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَرَأَى النَّاسَ مُجْتَمِعِينَ عَلَى شَيْئٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَامَ اجْتَمَعَ هَؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَى امْرَأَةٍ قَتِيلٍ فَقَالَ مَا كَانَتْ هَذِهِ لِتُقَاتِلَ قَالَ وَعَلَى الْمُقَدِّمَةِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا يَقْتُلَنَّ امْرَأَةً وَلَا عَسِيفًا))

’’اُنہوں نے کہاکہ ہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں(شریک)تھے،توآپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کوکسی چیز پر اکٹھے ہوتے دیکھاتو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا دیکھو یہ لوگ کس چیز پر اکٹھے ہوئے ہیں۔تو وہ آدمی (واپس)آیا اورکہا،کہ ایک مقتول عورت پر،توآپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایاکہ،یہ تو لڑنے کی اہل نہ تھی ۔(راوی)کہتے ہیں کہ اس لشکر کے ہر اول دستے پر خالد بن ولید مامور تھے توآپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کوبھیجا اور فرمایا کہ:’’خالد سے کہو کہ کسی عورت کو قتل کرے اور نہ کسی مزدورکو‘‘۔

(سنن ابی داود،ج۷،ص۲۷۴،رقم الحدیث:۲۲۹۵)

علامہ ابن حجر نے فرمایا کہ :

’’فان مفهومه أنها لو قاتلت لقتلت‘‘

’’اس حدیث کامفہوم یہ ہے کہ اگر وہ لڑائی کرے تو قتل کیے جائیں گے‘‘۔

(الفتح۶/۱۴۸)

امام النووی ؒنے صحیح مسلم کی شرح میں لکھاہے کہ:

’’أَجْمَعَ الْعُلَمَاء عَلَی الْعَمَل بِھَذَا الْحَدِیث،وَتَحْرِیم قَتْل النِّسَاء وَالصِّبْیَان اِذَا لَمْ یُقَاتِلُوا،فَاِنْ قَاتَلُوا قَالَ جَمَاھِیر الْعُلَمَاء:یُقْتَلُونَ ‘‘

’’ علماء کااس حدیث پر عمل کرنے اور عورتوں اور بچوں کے قتل کی حرمت پر اس صورت میں اجماع ہے کہ اگر وہ لڑائی نہ لڑیں۔اگر وہ بھی لڑیں تو جمہور علماء کا کہناہے کہ اس صورت میں اُنہیں قتل کیا جائیگا‘‘۔

(شرح النووی،ج۶،ص۱۸۸،رقم:۳۲۸۰)

آپؒمزید فرماتے ہیں:

’’وکذلک کل من لم یکن من أھل القتال لا یحل قتلہ الا اذا قاتل حقیقة أو معنی بالرأی والطاعة والتحریض وأشباہ ذلک)وتأمل قولہ ((قاتل حقیقة أو معنی بالرأی والطاعةوالتحریض وأشباہ ذلک‘‘

’’اسی طرح ہر اُس شخص کا قتل کرناحلال نہیں جو لڑائی کے اہل لوگوں میں سے نہ ہو ماسوائے اس کے کہ وہ حقیقت میں لڑے یارائے دے کر اور(دشمن کی)اطاعت کرکے اور لڑائی پر دشمن کوبرانگیختہ کرکے اور اسی قسم کے کسی دوسرے طریقے سے معنوی طور پرلڑائی میں حصہ لے‘‘۔

(شرح النووی علی مسلم ۷/۳۲۴)

آپ ذراامام النووی کے اس قول پر غور کیجئے کہ وہ حقیقت میں لڑے یا رائے دیکر اور (دشمن کی)اطاعت کرکے اور(دشمن کو)لڑائی پر اُبھار کر یا اسی قسم کے دوسرے طریقے سے معنوی طور پر لڑائی میں حصہ لیں شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے’’السیاسۃ الشرعیۃ ‘‘میں فرمایا کہ :

’’وأما من لم یکن من أھل الممانعة والمقاتلة کالنساء والصبیان والراھب، والشیخ الکبیر والأعمی الزّمِن ونحوھم فلا یُقتل عند جمھور العلماء الا أن یقاتل بقولہ أو فعلہ ،وان کان بعضھم یریاباحة قتل الجمیع لمجرد الکفر والأول ھو الصواب ‘‘

’’رہے وہ لوگ کہ جو جنگجوؤں اور لڑنے والوں میں شمار نہیں ہوتے جیسے عورتیں اوربچے اور راہب(پادری) اور بوڑھا شیخ اور دائمی نابینا اور ان جیسے دوسرے،توجمہور علماء کے نزدیک اُنہیں قتل نہیں کیاجائے گا ماسوائے اس کے کہ وہ اپنے قول یافعل کیساتھ لڑتے ہیں‘‘۔

(السیاسة الشرعیة ص:۱۳۲۔۱۳۳)

آپ ذرا اُن کے اس فرمان پرغورکریں کہ’’ ماسوائے اس کے کہ وہ اپنے قول یا فعل سے لڑے‘‘۔ یہ بات اور نووی کی سابقہ بات اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جن لوگوں کاقتل قصداً حرام ہے، اگر وہ مسلمانوں کے مخالف جنگجوؤں کی اپنے اقوال یا افعال کے ساتھ مدد کریں گے تو اُنہیں نشانہ بناکر قتل کرنا جائز ہے۔

اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان :

((انْطَلِقُوا بِاسْمِ اللَّهِ وَبِاللَّهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللَّهِ وَلَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا وَلَا طِفْلًا وَلَا صَغِيرًا وَلَا امْرَأَةً وَلَا

تَغُلُّوا وَضُمُّوا غَنَائِمَكُمْ وَأَصْلِحُوا وَأَحْسِنُوا اِنَّ اللَّہَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ))

’’اللہ کانام لے کر نکلو،اور اس اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ملت پر ہوتے ہوئے،اور بہت زیادہ بوڑھے شیخ کو قتل کرو اور نہ بچے کو اور نہ چھوٹے کو اورنہ عورت کو ،اور غنیمتوں میں خیانت نہ کرو،اور اپنی غنیمت کو اکٹھاکرو،اور اصلاح کرو،بلاشبہ نیکی کرنے والوں کو اللہ پسند کرتاہے‘‘۔

(سنن ابی داود،ج۷،ص۱۹۵،رقم الحدیث۲۲۴۷)

اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان:

’’وَلَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا ‘‘

’’اور کسی بہت زیادہ بوڑھے شیخ کو قتل نہ کرو ۔‘‘

کی شرح کرتے ہوئے عون المعبود کے مؤلف فرماتے ہیں کہ:

’’أَىْ اِلَّا اِذَا كَانَ مُقَاتِلًا أَوْ ذَا رَأْى،وَقَدْ صَحَّ أَمْرہ عَلَيْہِ السَّلَام بِقَتْلِ دريد بن الصمة،وَكَانَ عُمْرہ مِائَة وَعِشْرِينَ عَامًا أَوْ أَكْثَر،وَقَدْ جِيئَ بِہ فِى جَيْش هَوَازِن لِلرَّأْىِ الظَّاهِر أَنَّہ بَدَل أَوْ بَيَان أَىْ صَبِيًّا دُون الْبُلُوغ وَاسْتُثْنِىَ مِنْہ مَا اِذَا كَانَ مَلِكًا أَوْ مُبَاشِرًا لِلْقِتَالِ أَىْ اذَا لَمْ تَكُنْ مُقَاتِلَة أَوْ مَلِكَة‘‘

’’ یعنی،مگر یہ کہ وہ لڑنے والا ہویا(دشمن کو)رائے دینے والا، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا درید بن الصمہ کو قتل کرناصحیح حدیث سے ثابت ہے ،حالانکہ اس کی عمر ایک سو بیس

سال تھی یا اس سے زیادہ تھی،اس لئے کہ اُسے ہوازن (قبیلہ)کے لشکر میں رائے دینے کے لئے لایا گیا تھا. اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ نہ بچے کو نہ چھوٹے کواس سے اُسے مستثنیٰ کیا گیا ہے، جو بادشاہ ہو یا لڑائی میں براہ راست حصہ لینے والا ہو نہ کسی عورت کو یعنی اگر وہ لڑنے والی نہ ہو یا ملکہ نہ ہو‘‘ ۔

(عون المعبود،ج۶،ص۳۷،رقم:۲۲۴۷)

امام الزیلائی ؒفرماتے ہیں :

’’فَاِذَا کَانَ یَجُوزُ قَتْلُ صِبْیَانِ الْمُشْرِکِینَ لِمَصْلَحَةِ الْمُسْلِمِینَ فَقَتْلُ شُیُوخِهِمْ أَوْلَی اذَاکَانَ فِیِ مَصْلَحَةٌ بِأَنْ کَانَ مَلِکًا وَاِنْ لَمْ یَکُنْ فِیِ مَصْلَحَةٌ لَا یُقْتَلُ اِلَّا اذَا قَاتَلَ فَیُقْتَلُ دَفْعًا‘‘

’’اگر اس کی اجازت ہے کہ مشرکین کے بچوں کو قتل کیا جائے مسلمانوں کی مصلحت کے لئے تو بوڑھوں کو قتل کرنے کی اجازت اس سے بھی زیادہ جائز ہے اگر یہ کرنے سے فائدہ ہوجیسے وہ اگر بادشاہ ہو،مگر جب فائدہ نہ ہو تب ان کو نہیں قتل کرنا چاہئے الا یہ کہ وہ لڑیتو اس صورت میں ان کو قتل کرنا چاہئے،تاکہ ان کے (نقصان)سے بچا جاسکے‘‘ ۔

(تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق،ج۹،ص۲۸۱،کتاب السیر)

فقہاء نے ایسی عورت کے قتل کے جواز کا کہا ہے کہ جو مسلمانوں کیخلاف لڑائی میں جنگجوؤں کی مادی یا معنوی کسی بھی قسم کی اعانت کرے ۔ اُنہوں نے اس کیلئے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ابن ماجہ میں مروی حدیث سے استدلال کیا ہے،کہ جب رسول

صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا محاصرہ کیا تو ایک عورت قلعہ پرچڑھی اور اس نے مسلمانوں کے سامنے اپنی شرمگاہ کو ننگا کردیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((ھا دونکم فارموھا))

’’ یہ تمہارے سامنے ہے اسے تیر مارو‘‘۔

تو(صحابہ کرام)نے اُسے تیر مارا اور اُسے قتل کرڈالا۔ اگر چہ یہ حدیث ضعیف ہے مگر پھر فقہاء نے اس حدیث سے ایسی عورت کے قتل کے جواز پر استدلال کیا ہے کہ جو کہ اگر چہ لڑائی نہ کرے مگر (مسلما نوں کے خلاف)جنگ کرنے والوں کی کسی قول یا فعل سے اعانت کرے تو اُسے قصداً قتل کرناجائزہے۔ امام ابن قدامہؒ نے میں فرمایا:

’’فَصْلٌ:وَلَوْ وَقَفَتْ امْرَأَةٌ فِی صَفِّ الْكُفَّارِ أَوْ عَلَى حِصْنِهِمْ ،فَشَتَمَتْ الْمُسْلِمِينَ ، أَوْ تَكَشَّفَتْ لَهُمْ ،جَازَ رَمْيُهَا قَصْدًا ؛ لِمَا رَوَى سَعِيدٌ:حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ، عَنْ أَيُّوبَ،عَنْ عِكْرِمَةَ،قَالَ:((لَمَّا حَاصَرَ رَسُولُ اللہِ صَلَّى اللہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ أَهْلَ الطَّائِفِ أَشْرَفَتْ امْرَأَ ةٌ،فَكَشَفَتْ عَنْ قُبُلِهَا،فَقَالَ:هَا دُونَكُمْ فَارْمُوهَا.فَرَمَاهَا رَجُلٌ مِنْ الْمُسْلِمِينَ،فَمَا أَخْطَأَ ذَلِكَ مِنْهَا))وَيَجُوزُ النَّظَرُ الَى فَرْجِهَا لِلْحَاجَةِ الَى رَمْيِهَا ؛لِأَنَّ ذَلِكَ مِنْ ضَرُورَةِ رَمْيِهَا.وَكَذَلِكَ يَجُوزُ رَمْيُهَا إذَا كَانَتْ تَلْتَقِطُ لَهُمْ السِّهَامَ،أَوْ تَسْقِيهِمْ،أَوَتُحَرِّضُهُمْ عَلَى الْقِتَالِ؛لِأَ نَّهَا فِی حُكْمِ الْمُقَاتِلِ.وَهَكَذَا الْحُكْمُ فِی الصَّبِيِّ وَالشَّيْخِ وَسَائِرِ مَنْ مُنِعَ مِنْ قَتْلِ مِنْهُمْ ‘‘

’’فصل :اگرکوئی عورت کفار کی صف میں یا اُنکے قلعہ پر کھڑی ہوکر مسلمانوں کو گالیاں دے یا اُنکے سامنے ننگی ہوجائے تو اُسے قصداً

مارناجـــــــائزہے۔جس کی وجہ وہ روایت ہے کہ جس میں سعید نے کہا کہ ہمیں حمـاد بن زیـد نے بیان کیاکہ ایوب سے اُنہوں نے عکرمہ سـے انہوں نے کہا کہ جب رسـول صـلی اللہ علیہ وسـلم نے طائف والوں کا محاصرہ کیا توا یک عـورت ظـاہر ہوئی اور اس نے اپنی شرمگاہ کـو ننگـا کردیـا تـو نـبی صـلی اللہ علیہ وسـلم نے فرمایـا یہ تمہارے سـامنے ہے اسـے تـیر ماروتواُسـے مسـلمانوں میں ایـک مسـلماننے تـیر مـارا اور اُس کـا نشـانہ اُس عورت کی شرمگاہ سے نہ چوکـا۔ اور(اس حـالت میں)اُس (عورت)کی شرمگاہ کی طرف، اُس پـر تیر مارنے کیلئے دیکھنا جائز ہے کیـونکہ یہ اس(کی شرمگاہ پر تیر)چلانے کی ضرورت کی غـرض سـے ہے۔ اسـی طـرح اُسـے تـیر مارنـا اُس وقت بھی جـائزہے کہ جب وہ ان پـر (دشـمنوں)کے لـئے تـیر اِکٹھے کرے یـا اُنہیں پـانی پلائے یـا انہیں لـڑائی پـر اُبھارے کیونکہ یہ اس صورت میں جنگجـو کے حکم میں ہے۔یہی اس (عورت)کا اور تمـام لوگـوں کـا (شرعی)حکم ہے کہ جن کے قتل سے منع کیـا گیـا ہے‘‘۔

(المغنی،ج۲۱،ص۱۰۴،رقم:۷۵۷۸)

امام ابن عبد البر ؒنے میں فرمایا:

’’لم یختلـــف العلمـــاء فیمن قاتـــل من النســـاء والشیوخ أنہ مبـاح قتلہ،ومن قـدر علی القتـال من الصبیان وقاتل قتل ‘‘

’’علماء کا اس کے بـارے میں کـوئی اختلاف نہیں کہ جو عورتوں اور بوڑھوں میں سے لڑے تو اســکا قتـل کرنـا جـائز ہے۔اور بچـوں میں جـو لـڑنے کی

قدرت رکھے اورلڑے تو اُسے(بھی)قتل کیا جائے گا‘‘۔

(الاستذکار ۷۴/۱۴)

امام ابن عبد البرؒنے میں کہا کہ :

’’وأجمعوا علی أن رسول اللّٰہ ﷺقتل درید بن الصمة یوم حنین لأنہ کان ذا رأی ومکیدة فی الحرب،فمن کان ھکذا من الشیوخ قتل عند الجمیع ‘‘

’’علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ بلا شبہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے درید بن الصمہ کو حنین کے روز قتل کیا تھا کیونکہ وہ جنگ میں مشورہ دینے والا اور سازش کرنے والا تھا،لٰہذا بوڑھوں میں سے جو کوئی بھی اس طرح کا ہو تو سب (علماء)کے نزدیک اُسے قتل کیا جائے گا‘‘

(التمهید ۱۶/۴۲)

امام ابن قدامہؒنے بھی اسی بات پرعلماء کا اجماع نقل کیاہے کہ عورتوں،بچوں اور بڑی عمر کے لوگوں کا قتل ایسے وقت میں جائزہے کہ جب وہ لڑائی میں اپنی قوم کی کسی بھی قسم کی اعانت کریں۔اسی طرح النووی نے مسلم کی شرح میں کتاب الجہاد میں یہ اجماع نقل کیاہے:

’’وَأَمَّا شُيُوخ الْكُفَّار فَاِنْ كَانَ فِيهِمْ رَأْى قُتِلُوا‘‘

’’کفار کے ایسے بوڑھے کہ جوصاحب رائے ہو تو اسے قتل کیا جائے گا‘‘۔

(شرح النووی علی مسلم،ج۶،ص۱۸۸،رقم:۳۲۸۰)

امام ابن النحاس ؒفرماتے ہیں:

’’ویحرم قتل المرأۃ والصیبی ان لم یقاتلا،عند الشافعی ومالک واحمد وابی حنیفۃ،فان قاتلاقتلا۔‘‘

’’کفار کی عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت ہے۔ اگر وہ نہ لڑیں۔امام شافعیؒ،مالکؒ،احمدؒ،اور ابوحنیفہؒ کے مطابق مگر جب وہ لڑیں تب ان کو ماراجائے گا‘‘۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۲۳۔ھداۃ المجتھد،ج۱،ص۴۰۰)

امام ابن الہمامؒ فرماتے ہیں:

’’اور جیسے کہ کوئی بھی ان میں سے لڑے (یعنی جن کے قتل کی اصلاًممانعت ہے)تو ان کو قتل کرنا چاہئے تاکہ ان کے نقصان سے بچاجاسکے یہ اس لئے کہ(حقیقت قتال)میں جائز ہے اور پاگل شخص کو نہیں مارا جائیگا جب تک وہ نہ لڑے اور اگر بچے اور پاگل لڑے تو ان کو قتل کیا جائیگا‘‘۔

(شرح فتح القدیر،ج۵،ص۲۰۳)

امام ابن عابدین ؒفرماتے ہیں:

’’اور اس طرح اس کی اجازت ہے کہ گونگے،بہرے کو قتل کیا جائے اور جس کا ایک ہاتھ یا ٹانگ ہو اس لئے کہ یہ ممکن ہے کہ وہ لڑسکتے ہوں(گھوڑے پر)اور اس طرح عورت کو قتل کیا جائیگا اگر وہ لڑے‘‘۔

(حاشیہ ابن عابدین،ج۳،ص۲۲۵)

ابن قاسم نے الحاشیہ میں(یہ اجماع)نقل کرتے ہوئے لکھاہے:

’’وأجمعوا على أن حكم الردئ حكم المباشر فى الجهاد،ونقل عن ابن تيمية رحمہ اللہ هذا الاجماع،ونقل عن ابن تيمية أيضا أن أعوان الطائفة الممتنعة وأنصارها منها فيما لهم وعليهم

’’(علماء)کا اس بات پر اجماع ہے کہ جہاد میں(پیچھے سے)دفاع کرنے کاحکم براہ راست لڑنے کا حکم ہے‘‘۔اس پر انہوں نے ابن تیمیہ رحمہ اللہ سے اجماع نقل کیاہے۔ابن تیمیہ رحمہ اللہ ہی سے یہ بھی نقل کیا کہ طاقت وشوکت والے(لڑنے والی)جماعت کے مددگار اُسی حکم کے تحت (شمار کئے جائیں گے)جوحکم اس جماعت کے لئے ہے۔ جو کچھ اس(لڑنے والی جماعت)پرہے وہی ان (مددگاروں)کے لئے اور اُن پرلاگو ہوگا‘‘۔

یہ شرعی حکم ہے ان لوگوں کا کہ جو جنگ میں کفارکی اعانت کرتے ہیں اور یہ معصوم الدم یعنی عورتیں،بچے،بوڑھے اور جو کوئی ان کے حکم میں ہو جنہیں آج کے اس دور میں ’’عام شہری ‘‘کہاجاتاہے۔

لہٰذاآج کفار کے ممالک کے عوام فیصلہ کرنے والوں اور اہل رائے میں شمارہوتے ہیں خواہ یہ رائے عسکری ہو یا سیاسی کیونکہ کفار کے ممالک کی انتظامیہ جن رائے عامہ کی بنیاد پر فیصلہ کرتی ہے وہ اس بات کی جانب اشارہ کرتی ہیں کہ بلاشبہ ان کی عوام ہی اپنے براہ راست ووٹوں کے ذریعے اور پارلیمنٹ میں اپنے نمائندوں کے ووٹوں کے ذریعے بالواسطہ طور پرفیصلے کرتے ہیں۔لہٰذا رائے عامہ سے پتہ چلتاہے کہ ہر جگہ اور ہر وقت اسلام دشمنی کے ان کے سیاسی فیصلوں میں ان کی عوام کا بہت بڑا حصہ ہوتاہے۔

لٰہذا ہر جگہ ان کفار کے ممالک کے عوام کو خواہ جو اپنے ہاتھ سے لڑے یا اپنی رائے سے لڑائی(اپنی حکومت)کی اعانت کرے، نشانہ بنانا،ایک ایسا معاملہ ہے کہ جس کی شریعت اجازت دیتی ہے۔ چونکہ یہ ان کے عوام کی غالب اکثریت کی حالت ہے اس لئے شرعی حکم بھی غالب اکثریت کی بناء پر عام ہوتاہے۔

تیسری صورت

جب دشمن پر عام تباہی مسلط کرنا مقصود ہو

عورتوں ،بچوں اوربوڑھوں کے قتل کے جواز کی حالتوں میں سے ایک یہ ہے کہ جب دشمن کے قلعوں کو فتح کرنے کیلئے مسلمانوں کو انہیں جلانے یا پانی میں غرق کرنے یا ان میں زہر پھیلانے یا اُن میں دھواں پھیلانے یاان میں سانپ،بچھو اور زہریلے کیڑے مکوڑے چھوڑنے کی ضرورت پڑے خواہ اس کے نتیجے میں معصوم لوگ ہی مارے جائیں۔

امام بخاریؒ نے یہ حدیث نقل فرمائی کہ:

((بَاب حَرْقِ الدُّورِ وَالنَّخِيلِ:عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ حَرَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ)).

’’کھجور کے درختوں اورگھروں کا جلانے کا باب
ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نضیر کے کھجور کے درختوں کو جلا ڈالا‘‘۔

(صحیح البخاری،ج۱۰،ص۲۱۹،رقم الحدیث:۲۷۹۸)

((عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ نَخْلَ بَنِی النَّضِیرِ وَقَطَعَ وَهِیَ الْبُوَیْرَةُ فَأَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالَی مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِینَةٍ أَوْ تَرَکْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَی أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللّٰہِ وَلِیُخْزِیَ الْفَاسِقِینَ۔))

’’ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نضیر کے کھجور کے درختوں کو جلا ڈالااور کاٹ ڈالابویرہ نامی زمین میں۔پس اللہ تعالی نے یہ (آیت)نازل کی:’’تم نے کھجور کے جو درخت کاٹ ڈالے یا جنہیں تم نے ان کی جڑوں پر باقی رہنے دیا ہے سب اللہ تعالیٰ کے اذن سے تھا اور اس لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ فاسقوں کو رسوا کرے‘‘۔

(صحیح البخاری،ج۱۵،ص۱۵۱،رقم الحدیث:۴۵۰۵)

((عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ قَالَ بَعَثَنِی رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَی قَرْیَةٍ یُقَالُ لَهَا أُبْنَی فَقَالَ ائْتِ أُبْنَی صَبَاحًا ثُمَّ حَرِّقْ))۔

’’حضرت اسامہ بن زید ؓسے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺنے انہیں ’’اُبنیٰ‘‘(یایبنیٰ) نامی سرزمین کی طرف بھیجا اور فرمایا :’’صبح وہاں جاؤ،پھر اس (بستی)کو جلاڈالو‘‘۔

(مسند احمد،ج۴۴ص۲۵۶،رقم الحدیث:۲۰۷۸۶۔سنن ابن ماجة،ج۸ص۳۶۸،رقم الحدیث:۲۸۳۳)

امام ابن الاثیرؒنے فرمایا:

’’أُبنی ویُبنی:اسم موضع بین عسقلان والرملة من أرض فلسطین‘‘

’’اُبنی اور یُبنی:سرزمین پر الرملہ اور عسقلان کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے۔

(جامع الاصول ۲/۶۱۷)

لہٰذا دشمن کو جلانا، یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جنگ کے طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے۔ یہ تومعلوم ہی ہے کہ بلاشبہ آگ جلانے سے کئی معصوم لوگ بھی قتل ہوجاتے ہیں اور اسی طرح جانور اورکھیتیاں ہلاک ہوتی ہیں اور ان سب کو زندہ بچائے رکھنے کی مصلحت،انہیں ختم کرنے کی مصلحت سے کم تر ہے۔ کیونکہ شوکت وقوت والے دشمن کے قتل کرنیکی مصلحت،اُسکے علاوہ دوسروں کو(زندہ)چھوڑنے کی مصلحت سے زیادہ بڑی ہے۔

امام ابن قدامہؒ نے المغنی میں فرمایا:

’’وَقَدْ رَوَى حَمْزَةُ الْأَسْلَمِيُّ،أَنَّ رَسُولَ اللَّ صَلَّى اللَّ عَلَيْ وَسَلَّمَ أَمَّرَ عَلَى سَرِيَّةٍ ، قَالَ:فَخَرَجْت فِيهَا،فَقَالَ:((انْ أَخَذْتُمْ فُلَانًا،فَأَحْرِقُو بِالنَّارِ))فَوَلَّيْت، فَنَادَانِی،فَرَجَعْت،فَقَالَ:((انْ أَخَذْتُمْ فُلَانًا،فَاقْتُلُو،وَلَا تَحْرِقُو؛فَإِنَّ لَا يُعَذِّبُ بِالنَّارِ الَّا رَبُّ النَّارِ))رَوَا أَبُو دَاوُد ،وَسَعِيدٌ .وَرَوَى أَحَادِيثَ سِوَا فِی هَذَا الْمَعْنَى.وَرَوَى الْبُخَارِیُّ ،وَغَيْرُ ،عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللَّ عَنْ عَنْ النَّبِیِّ صَلَّى اللَّ عَلَيْ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ حَمْزَةَ .فَأَمَّا رَمْيُهُمْ قَبْلَ أَخْذِهِمْ بِالنَّارِ،فَإِنْ أَمْكَنَ أَخْذُهُمْ بِدُونِهَا،لَمْ يَجُزْ رَمْيُهُمْ بِهَا ؛ لِأَنَّهُمْ فِی مَعْنَى الْمَقْدُورِ عَلَيْ ،وَأَمَّا عِنْدَ الْعَجْزِ عَنْهُمْ بِغَيْرِهَا ، فَجَائِزٌ ، فِی قَوْلِ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ .وَبِ قَالَ الثَّوْرِیُّ،وَالْأَوْزَاعِیُّ ، وَالشَّافِعِیُّ.وَرَوَى سَعِيدٌ،بِإِسْنَادٍ عَنْ صَفْوَانِ بْنِ عَمْرٍو ،وَحَرِيزِ بْنِ عُثْمَانَ أَنَّ جُنَادَةَ بْنَ أَمَيَّةَ الْأَزْدِیَّ ،وَعَبْدَ اللَّ بْنَ قَيْسٍ الْفَزَارِیَّ،وَغَيْرَهُمَا مِنْ وُلَاة الْبَحْرَيْنِ،وَمَنْ

بَعْدَهُمْ،كَانُوا يَرْمُونَ الْعَدُوَّ مِنْ الرُّومِ وَغَيْرِهِمْ بِالنَّارِ، وَيُحَرِّقُونَهُمْ،هَؤُلَاء ِ لِهَؤُلَاء ِ ،وَهَؤُلَاء ِ لِهَؤُلَاء ِ.قَالَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ:لَمْ يَزُلْ أَمْرُ الْمُسْلِمِينَ عَلَى ذَلِكَ .‘‘

’’حمزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ بلاشبہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے ایک دستے میں امیر بنایا(حمزہ)کہتے ہیں کہ میں اس (دستے)کے ساتھ نکلا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم فلاں آدمی کو پکڑو تو اسے آگ سے جلا ڈالو ۔ (حمزہ کہتے ہیں کہ میں)جانے کے لئے مڑا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دی،تو میں واپس لوٹ آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایاکہ اگر تم فلاں کو پکڑو تواُسے قتل کرڈالو مگرجلانا نہیں کیونکہ آگ سے سوائے آگ کے رب کے اور کوئی نہیں جلاتا۔اسے ابوداؤد اور سعید نے روایت کیا اور (سعید)نے اس معنی کی اس کے علاوہ کئی احادیث بیان کی ہیں اور امام بخاری وغیرہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حمزہ کی حدیث کی مانند روایت کی ہے۔لہٰذا ان کفار کوآگ سے جلائے بغیرپکڑنا ممکن ہوتو پھر انہیں جلانا جائز نہیں کیونکہ وہ اُن لوگوں کے حکم میں شامل ہوجاتے ہیں کہ جن پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر اس (جلانے کے)بغیر انہیں پکڑنا ناممکن ہوتو اس صورت میں اکثر اہل علم کے نزدیک یہ جائزہے۔یہی موقف الثوریؒ،الاوزاعیؒ اورالشافعیؒ نے اختیار کیا ہے۔ سعید نے اپنی اسناد کے ساتھ صفوان بن عمرو اورجریر بن عثمان سے روایت کیا ہے کہ بلاشبہ جنادہ بن امیہ الازدی اور عبداللہ بن قیس الفزازی اور اُن کے علاوہ بحرین کے حکمران اور ان کے بعد آنے والے(حکمران)رومی دشمنوں وغیرہ پر آگ پھینک کر انہیں جلاتے تھے، یہ انہیں

اور وہ اُنہیں جلاتے۔عبـــداللہ بن قیس نے کہا کہ مسلمانوں کا معاملہ اسی طرح چلتارہا‘‘۔

(المغنی،ج۲۱،ص۱۰۰،رقم:۷۵۷۳)

امام ابن قدامہ ؒمزید فرماتے ہیں:

’’فَصْـــــلٌ:وَکَـــــذَلِکَ الْحُکْمُ فِی فَتْحِ الْبُثُـــــوقِ عَلَیْھِمْ،لِیُغْـرِقَھُمْ،انْ قُـدِرَ عَلَیْھِمْ بِغَیْـرِہ،لَمْ یَجُـزْ ،اذَا تَضَمَّنَ ذَلِـکَ اتْلَافَ النِّسَـاءِ وَالذُّرِّیَّۃ،الَّذِینَ یَحْرُمُـاتْلَافُھُمْ قَصْـدًا ،وَ اِنْ لَمْ یُقْـدَرْ عَلَیْھِمْ الَّا بِہِ ،جَـازَ،کَمَـا یَجُوزُ الْبَیَاتُ الْمُتَضَمِّنُ لِذَلِکَ ‘‘

’’ اسی طـرح (دریـاؤں ،جھیلـوں وغـیرہ کے)بنـد دشمن کو غرق کرنے کیلئے کھول دیـنے کـاحکم ہے کہ اگر اس کے بغیر اُس پرغلبہ حاصل ہوجائے تـو ایسا(غرق کـرنے کـا)کـام جـائز نہیں کہ جس میں وہ عورتیں اور بچے ضائع ہونے کـا اندیشـہ ہو کہ جنہیں قصداً ضائع کرنا حرام ہوتاہے۔ اگر دشمن پر اس (کام)کے بغیر غلبہ ممکن نہ ہو تـو پھـر یہ اُسی طرح جائز ہے کہ جیسے رات کے وقت حملہ کر نے میں ان (معصوم لوگـوں)کے ضـائع ہونے کـا اندیشہ ہوتا ہے‘‘

(المغنی،ج۲۱،ص۱۰۰،رقم:۷۵۷۴)

امــام النــووی ؒنے المنہاج اور مغـنی المحتـاج کی شرح میں کہا:

’’وَیَجُــوزُ حِصَــارُ الْکُفَّارِ فِی الْبِلَادِ وَالْقِلَاعِ وَاِرْسَــالُ الْمَاءِ عَلَیْھِمْ وَرَمْیُھُمْ بِنَارٍ وَمَنْجَنِیقَ ‘‘

’’ کفار کا کسـی علاقے اور قلعـوں میں محاصـرہ کرنا اور اُن پرپانی چھوڑنا اورآگ اور منجـنیق سـے

گــولہ بــاری کرنــا اورغفلت کے اوقــات میں اُن پرحملہ کرنا جائزہے‘‘۔

(مغنی المحتاج،١٧،ص٣٠٣)

مغـنی المحتـاج کے مؤلـف،امـام النـووی کی بـات پـر تعلیق کرتے ہوئے اپنی مصدر میں کہتے ہیں کہ:

’’وَمَا فِي مَعْنَى ذَلِكَ مِنْ هَدْمِ بُيُوتِهِمْ،وَقَطْعِ الْمَــاءِ عَنْهُمْ،وَإِلْقَاءِ حَيَّاتٍ أَوْ عَقَارِبَ عَلَيْهِمْ وَلَوْ كَانَ فِيهِمْ نِسَــاءٌ وَصِــبْيَانٌ لِقَــوْلِهِ تَعَــالَى:وَخُــذُوهُمْ وَاحْصُــرُوهُمْ،وَفِي الصَّــحِيحَيْنِ((أَنَّهُ صَــلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَــلَّمَ حَاصَــرَ أَهْــلَ الطَّائِفِ))وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ ’’أَنَّــهُ نَصَبَ عَلَيْهِمْ الْمَنْجَنِيقَ ‘‘،وَقِيسَ بِهِ مَا فِي مَعْنَــاهُ مِمَّا يَعُمُّ الْإِهْلَاكُ بِهِ .

’’اسـی معـنی میں ان کے گھـر منہدم کـرنے، اُنکـا پانی روکنا اور اُن پـر سـانپ یـا بچھـو پھینکنـا ہے، خــواہ اُن میں عــورتیں اور بچے ہی ہوں۔ اللہ تعــالی کے اس فرمــان کی روسے:وَخُــذُوهُمْ وَاحْصُـرُوهُمْ ’’ان کـو پکـڑو اور ان کـو گھـیرو‘‘۔ صـحیحین میں ہے کہ بلاشـبہ آپ صـلی اللہ علیہ وســلم نے طــا ئــف کــا گھـیراؤ کیــا اوربیہقی اور صـحیحین میں ہے کہ بلاشـبہ آپ صـلی اللہ علیہ وسلم نے منجنیق نصب کی۔ اسی پر ہر اُس چـیز کا قیاس کیا گیا کہ جس سے عام ہلاکتیں ہوں‘‘۔

(مغنی المحتاج،١٧،ص٣٠٣)

مزید فرماتے ہیں:

’’وَظَاهِرُ كَلَامِهِمْ أَنَّهُ يَجُـوزُ اتْلَافُهُمْ بِمَـا ذُكِـرَ وَإِنْ قَدَرْنَا عَلَيْهِمْ بِدُونِهِ ‘‘

’’ اُن کی باتوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُنہیں مذکورہ(ہتھیاروں)سے ہلاک کرنا جائز ہے، خواہ ہم اُن پر اس کے غلبے کے بغیر ہی غلبہ حاصل کرسکتے ہوں‘‘۔

(مغنی المحتاج،۱۷،ص۳۰۳)

صحابہ اپنے دشمنوں کے ساتھ یہی سلوک اپناتے تھے۔ سنن سعید بن منصور میں آیا ہے کہ :

((أن جنادة بن أبی أمیرة الأزدی وعبد اللّٰہ بن قیس الفزازی وغیرهما من ولاة البحر من بعدهم کانوا یرمون العدو من الروم وغیرهم بالنار،ویحرّقونهم هؤلاء لهؤلاء،وهؤلاء لهؤلاء))

’’بلاشبہ جنادہ بن امیہ الازدی اور عبداللہ بن قیس الفزازی اور اُن کے علاوہ ان کے بعد آنے والے دوسرے بحرین کے حکمران رومی دشمنوں وغیرہ پر آگ پھینکتے تھے اور یوں اُنہیں جلاتے اور وہ اُنہیں جلاتے تھے‘‘۔

(سنن سعید بن منصور۲/۲۴۴)

عبد اللہ بن قیس الفزازی سے روایت ہے کہ:

((أنہ کان یغزو علی الناس فی البحر علی عهد معاویة وکان یرمی العدو بالنار ویرمونہ،ویحرقهم ویحرقونہ وقال:لم یزل أمر المسلمین علی ذلک))

’’وہ معاویہ کے عہد میں لوگوں پر سمندر میں حملہ کرتے اور وہ دشمن پرآگ پھینکتے اور وہ(دشمن)ان پر،یہ اُنہیں جلاتے اور وہ انہیں

انہوں نے کہا مسلمانوں کا معاملہ اسی طرح چلتا رہا''۔

فتح القدیر میں ہے:

(تفسیر القرطبی،ج٢،ص٣۵۴)

(٢)مسجدحرام میں لڑنے کی ممانعت ختم ہوجاتی ہے:

اللہ تعالیٰ مسجدحرام کی عظمت کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

﴿وَمَنْ دَخَلَہٗ كَانَ اٰمِنًا﴾

’’اس میں جو داخل ہوجائے اس کو امن مل جاتا ہے‘‘

(آل عمران:٩٧)

لیکن اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا:

﴿وَلاَ تُقٰتِلُوْھُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰی یُقٰتِلُوْکُمْ فِیْہِ فَاِنْ قٰتَلُوْکُمْ فَاقْتُلُوْھُمْ کَذٰلِکَ جَزَآءُ الْکٰفِرِیْنَ﴾

(البقرۃ:۱۹۱)

حافظ ابنِ کثیر ؒدرجِ بالا آیت کے متعلق اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں:

’’یقول تعالی:لا تقاتلوھم عند المسجد الحرام الا أن یَبْدَؤوکم بالقتال فیہ، فلکم حینئذ قتالھم وقتلھم دفعا للصیال‘‘

’’(اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے):’’اور کفار کے خلاف مسجدحرام میں لڑائی کا آغاز نہ کرو جب تک وہ تم سے نہ لڑیں (اور اگر وہ تم سے لڑیں)تو تمہیں حق ہے کہ تم ان سے لڑو‘‘

(تفسیرابن کثیر،ج۱،ص۵۲۵)

اسی طرح اس آیت پر امام طبر ی ؒفرماتے ہیں:

’’لأنی قد جعلتُ الحُرمات قصاصًا،فمن استحلّ منکم أیھا المؤمنون من المشرکین حُرْمۃً فی حَرَمی، فاستحلوا منہ مثلہ فیہ‘‘۔

’’(اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا مطلب یہ ہے)اس لئے کہ میں نے حرام چیزوں کو جائز کیا ہے قصاص میں ،تو جس چیز کو مشرکین حلال کردیں ....جیسے اے ایمان والو!میرے گھر (مسجد الحرام)کی حرمت کو،تو تم بھی اسی طرح حلال کرلو‘‘۔

(تفسیر الطبری،ج۳،ص۵۸۱)

(۳)مثلہ کرنے کی ممانعت ختم ہوجاتی ہے:

مُثلہ کرنا حرام ہے مگر ’’بدلہ کی سزادینے‘‘ کی حالت میں یہ حرمت ختم ہوجاتی ہے۔لٰہذا مسلمانوں کے لیے جائز ہے کہ وہ اپنے دشمن کے ساتھ ہر چیز میں اسی طرح کا معاملہ کریں جس طرح کامعاملہ انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ کیا ہو۔لٰہذاامام ابن مفلحؒنے شیخ الاسلام ابن تیمیہؒسے نقل کرتے ہوئے فرمایا کہ:

’’ان المثلة حق لهم ،فلهم فعلها للاستيفاء وأخذ الثأر ،ولهم تركها ،والصبر أفضل،وهذا حيث لا يكون فى التمثيل بهم زيادة فى الجهاد،ولا يكون نكالا لهم عن نظيرها،فأما اذا كان فى التمثيل الشائع دعاءً لهم الى الايمان أو زجراً لهم عن العدوان ،فانه هنا من باب اقامة الحدود والجهاد المشروع ‘‘

’’بلاشبہ مُثلہ کرنا اُن (مسلمانوں)کا حق ہے ، لہٰذا انہیں پورا بدلہ لینے اور انتقام لینے کے لیے اس کام کاحق حاصل ہے اور انہیں اسے نہ کرنے کا بھی اختیار ہے ،جبکہ صبر کرنا زیادہ بہتر ہے ۔ اور یہ بھی(صبر کرنا)اس صورت میں ہے کہ جب ان کا مُثلہ کرنا نہ جہاد میں اضافہ کا باعث ہو اور نہ ہی ان کے لیے ایسا کرنے میں سبق ہو۔لیکن اگر تمثیل عام(عام مُثلہ کرنا)انہیں)(کفار کو)ایمان کی طرف دعوت اور انہیں زیادتی وسرکشی سے روکنے کا سبب ہو تو یہاں اس صورت میں یہ کام حدود(اسلامی)کے اور شرعی جہاد کے قیام کے باب میں شمار ہوگا‘‘۔

(الفروع ۲۱۸/۶، کتاب الاختیارات۵۱۲/۵)

امام ابن القیم ؒنے اپنی کتاب حاشیہ میں فرمایا:

’’وقد أباح اللّٰہ تعالی للمسلمین أن یمثلوا بالکفار اذا مثلوا بهم وان کانت المثلة منهیا عنها فقال تعالی﴿وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِہٖ﴾وهذا دلیل علی جدع الأنف وقطع الأذن وبقر البطن ونحو ذلک هی عقوبة بالمثل لیست بعدوان والمثل هو العدل ‘‘

’’اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لیے اس چیز کو مباح قراردیا ہے کہ وہ کفار کا مثلہ کریں اگر انہوں نے ان(مسلمانوں)کا مثلہ کیا ہوورنہ مثلہ کرنے سے منع کیا گیا ہے ۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ نے فرمایا:’’اور اگر تم بدلہ لینا ہو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنی تم پر زیادتی ہوئی‘‘یہ (آیت)ناک، کان کاٹنے اور پیٹ چاک کرنے اور اسی طرح کی دوسری سزا بالمثل (بدلے کی سزا)کیلئے دلیل ہے ۔ چہ جائے کہ اس چیز پر دلالت کرتی ہوکہ یہ ظلم وزیادتی ہے کیونکہ یہاں پر المثل ہی’’عدل‘‘ہے‘‘۔

(ابن القیم ، حاشیہ ۱۸۰/۱۲)

امام ابن تیمیہ ؒمزیدفرماتے ہیں

’’فَأَمَّا التَّمْثِیلُ فِی الْقَتْلِ فَلَا یَجُوزُ الَّا عَلَی وَجْہِ الْقِصَاصِ وَقَدْقَالَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مَا خَطَبَنَا رَسُولُ اللِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُطْبَةً الَّا أَمَرَنَا بِالصَّدَقَةِ وَنَهَانَا عَنْ الْمُثْلَةِ حَتَّی الْکُفَّارُ اذَا قَتَلْنَاهُمْ فَانَّا لَا نُمَثِّلُ بِهِمْ بَعْدَ الْقَتْلِ وَلَا نَجْدَعُ آذَانَهُمْ وَأُنُوفَهُمْ وَلَا نَبْقُرُ بُطُونَهُمْ الَّا انْ یَکُونُوا فَعَلُوا ذَلِکَ بِنَا فَنَفْعَلُ بِهِمْ مِثْلَ مَا فَعَلُوا ‘‘

’’جہاں تک مثلہ کاتعلق ہے تو یہ حرام ہے جب تک کہ بدلے میں نہ کیا جائے اور جیسے عمران ابن حصین سے مروی ہے ’’رسول اللہ ﷺ نے کبھی ہمیں کوئی خطبہ نہیں دیامگر یہ کہ اس میں جب انہوں نے ہمیں حکم نہ دیا ہو سچائی کا،مثلہ کی ممانعت کا ‘‘اور کفار کو بھی جب ہم ان سے لڑیں ان کا مثلہ نہیں کیا جاسکتا ، نہ ہی ان کے کا ن کاٹے جاسکتے ہیں ،نہ ان کی انتڑیاں نکالی جاسکتی ہیں الا یہ کہ وہ ہمارے ساتھ بھی یہی کریں تو تب ہم ان کے ساتھ وہی کرسکتے ہیں جو انہوں نے ہمارے ساتھ کیا ہے‘‘

(مجموع الفتاویٰ،ج۶،ص۳۸۴،باب المحاربون اخذو المال)

(۴)آگ سے سزا دینے کی ممانعت ختم ہوجاتی ہے :

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :

((لَا یُعَذِّبُ بِالنَّارِ اِلَّا رَبُّ النَّارِ))

’’اور بے شک کوئی بھی آگ سے سزانہیں دیتا سوائے اللہ کے ‘‘۔

(مسند احمد،ج:۳۲،ص۲۴۳،رقم الحدیث:۱۵۴۵۷)

امام بخاریؒنے اس حدیث کو ’’اگر مشرکین مسلمانوں کوآگ میں جلائیں تو مسلمان بھی بدلے میں ان کو آگ میں جلاسکتے ہیں‘‘کے تحت نقل کیا ہے۔ مسلم شریف کی حدیث میں قبیلہ عرینہ اور عکل کا واقعہ یوں مذکور ہے:

((عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ أَنَّ نَاسًا مِنْ (عُکْلٍ أَوْ) عُرَیْنَةَ قَدِمُوا عَلَی رَسُولِ اللَّہِ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَدِینَةَ فَاجْتَوَوْهَا فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّہِ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ إِنْ شِئْتُمْ أَنْ تَخْرُجُوا إِلَی إِبِلِ الصَّدَقَةِ فَتَشْرَبُوا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا فَفَعَلُوا فَصَحُّوا ثُمَّ مَالُوا عَلَی الرُّعَاةِ فَقَتَلُوهُمْ وَارْتَدُّوا عَنْ الْإِسْلَامِ وَسَاقُوا ذَوْدَ رَسُولِ اللَّہِ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبَلَغَ ذَلِکَ النَّبِیَّ صَلَّی اللَّہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ فِی أَثَرِهِمْ فَأُتِیَ بِهِمْ فَقَطَعَ أَیْدِیَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَلَ أَعْیُنَهُمْ وَتَرَکَهُمْ فِی الْحَرَّةِ حَتَّی مَاتُوا))

’’حضرت انس بن مالک ہسے مروی ہے کہ قبیلہ (عکل یا)عرینہ کے لوگ مسلمان ہوکر آپ ﷺکی خدمت میں حاضر ہوئے۔انہیں مدینہ کی آب و ہوا راس نہ آئی تو نبی کریم ﷺنے انہیں مدینہ سے باہر ،جہاں صدقہ کے اونٹ تھے،بھیج دیا کہ ان کادودھ اور پیشاب پیو ، اللہ شفاء عطافرمائے گا۔چنانچہ چند روز میں وہ ٹھیک ہوگئے لیکن اس کے بعد انہوں نے اونٹوں کے رکھوالوں اور ان کے چراہوں کو قتل کردیا اور اسلام سے پھر گئے.جب اس کی خبر رسول اللہ ﷺکو ملی تو آپ ﷺنے ان کے پیچھے آدمی دوڑائے جوانہیں اونٹوں سمیت پکڑ لائے۔نبی کریم ﷺنے ان کے ہاتھ پیر مخالف جانب سے کاٹ ڈالے اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھروادیں (کیونکہ انہوں نے چراہوں کے ساتھ ایسا ہی کیا تھا)پھر انہیں تپتے صحراء میں ڈلوادیا حتیٰ کہ وہ وہیں مرگئے‘‘۔

(صحیح مسلم،ج۹،ص۸،رقم الحدیث۳۱۶۲،صحیح البخاری،ج۱،ص۳۹۰،رقم الحدیث:۲۲۶)

امام الباجی ہنے اس واقعہ کے حوالے سے فرماتے ہیں :

’’ان (مرتدین)نے چرواہوں کے ساتھ یہی سلوک کیا تھا۔تو اس صورت میں یہ جائز ہوا کہ ان کے اعضاء کاٹے جائیں (آگ سے)جیسا کہ انہوں نے مسلمانوں کے اعضاء کاٹے جس طرح کہ اصولِ قصاص میں ہے‘‘۔

(المنتقی شرح الموطا،ج۳،ص۱۷۲)

اس ضمن میں اس بات کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ کچھ اسلاف آگ کے استعمال کو ناپسند کرتے تھے جیساکہ ابنِ حجر ؒفرماتے ہیں :

’’فَکَرِہَ ذَلِکَ عُمَر وَابْنِ عَبَّاس وَغَیْرھمَا مُطْلَقًا سَوَاء کَانَ ذَلِکَ بِسَبَبِ کُفْر أَوْ فِی حَال مُقَاتَلَة أَوْ کَانَ قِصَاصًا ،وَأَجَازَہُ عَلِیٌّ وَخَالِد بْن الْوَلِید وَغَیْرھمَا‘‘

’’اور اسلاف کا اختلاف آگ سے جلانے کے متعلق ہے عمرؓاور ابنِ عباسؓاس کو ناپسند کرتے تھے۔ چاہے یہ اُن کے ارتداد کے نتیجے میں ہویا (اللہ کے خلاف)جنگ یا قصاص میں بھی۔اور علیؓ،خالد ابنِ ولیدؓاور دیگر اس کو جائز سمجھتے تھے‘‘۔

(فتح الباری،ج۹،ص ۲۳۰،رقم:۲۷۹۳)

لیکن امام الشوکانی الحنفیؒفرماتے ہیں کہ:

’’وَقَدْ أَحْرَقَ أَبُو بَکْرٍ بِالنَّارِ فِي حَضْرِ الصَّحَابَةِ ، وَحَرَّقَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیدِ نَاسًا مِنْ أَھْلِ الرِّدَّةِ،وَکَذَلِکَ حَرَّقَ عَلِیٌّ کَمَا تَقَدَّمَ فِی کِتَابِ الْحُدُودِ ‘‘

(نیل الاوطار،ج۱۲،ص۸۳)

’’اور بے شک حضرت ابو بکر ؓنے لوگوں کو آگ سے جلایا صحابہ رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں

اور خالد ابن ولید نے مرتدین میں سے لوگوں کو جلایا،اور علی نے بھی‘‘

اور ابنِ تیمیہ فرماتے ہیں :

’’اور یہ قوی اسناد سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے زندیقوں کو آگ لگا ئی‘‘۔

(مجموعہ الفتاویٰ)

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ شاید حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ آگ سے جلانے کی ممانعت والی حدیث سے لاعلم تھے مگرایسا نہیں ہے یہ اس لئے کہ

((عَنْ عِکْرِمَةَ قَالَ أتِیَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بِزَنَادِقَةٍ فَأَحْرَقَهُمْ فَبَلَغَ ذَلِکَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَوْ کُنْتُ أَنَا لَمْ أُحْرِقْهُمْ لِنَهْیِ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُعَذِّبُوا بِعَذَابِ اللّٰہِ))

’’ ابنِ عباس ؓ سے مروی ہے کہ جب حضرت علی ؓ نے مرتدین کو جلایا (تو انہوں نے کہا)اگر یہ مجھ پر ہوتا تو میں نہ جلاتا اور ان کو صرف قتل کردیتا کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا’’اور کوئی بھی آگ سے سزا نہیں دیتا کیونکہ اللہ ہی ہے جو آگ سے سزادیتا ہے‘‘۔

(صحیح البخاری،ج۲۱،ص۲۴۱،رقم الحدیث:۲۴۱۱)

مگر جب حضرت علی ؓ کو حضرت ابن عباس ؓ کی یہ رائے معلوم ہوئی تو اس پر آپ نے یہ فرمایا:

((فَبَلَغَ ذَلِکَ عَلِیًّا کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْهَہُ فَقَالَ وَیْحَ ابْنِ أُمِّ ابْنِ عَبَّاسٍ))۔

’’اور جب ابن عباس ؓکا یہ اعتراض حضرت علی ؓکو پہنچا تو انہوں نے ان کی حدیث کے فہم کو قبول نہیں کیا اور قائم رہے مرتدین کو جلانے کے اپنے عمل پر اور کہا ابنِ عباس ؓکے جملے کے متعلق ’’ابنِ عباس پرافسوس!(کہ وہ اصل حکم نہ جان سکے) ‘‘ ۔

(مسند احمد،ج۴،ص۳۰۷،رقم الحدیث:۱۷۷۵،بدایة مسند عبد اللّٰہ بن عباسؓسنن الدارالقطنی،ج۷،ص ۴۷۶،رقم الحدیث:۳۲۹۲).

عربی زبان میں ’’ویح ‘‘کا لفظ کسی کے لئے تحسین و تعریف کے لئے بھی بولا جاتا ہے اور کبھی کسی کے متعلق افسوس اور بے علمی کے لئے بھی بولا جاتاہے۔

اسی طرح مصنف عبدالرزاق سے یہ بات منقول حضرت عمر ؓنے جب حضرت خالد بن ولید ؓکی جانب سے مرتدین کے جلانے کے عمل پر تنقید کی تو حضرت ابوبکر ؓنے اس کایوں جواب دیا:

((عن هشام بن عروة عن أبيه قال:حرق خالد بن الوليد ناسا من أهل الردة،فقال عمر لابى بكر:أتدع هذا الذى يعذب بعذاب اللّٰه،فقال أبو بكر:لا أشيم سيفا سله اللّٰه على المشركين))۔

’’جب خالد ؓنے مرتدین کو جلایا تو عمرؓنے ابوبکرؓکو کہا:’’کیا آپ اسے اللہ کی سزا سے سزا دینے کی اجازت دیں گے‘‘ابوبکر ؓنے فرمایا:’’میں اس تلوار کو کیسے ڈھانپ دوں جس کو اللہ نے کفار پر چھوڑدیا‘‘۔

(مصنف عبد الرزاق،ج۵،ص۲۱۲،رقم الحدیث:۹۴۱۲۔ باب القتل بالنار)

لہٰذاحضرت عمر ؓکا یہ شبہ رفع ہوگیا ۔ چنانچہ خود حضرت عمرؓکے دورِ خلافت کے حوالے سے امام بیہقی ؒحضرت یزید بن ابی حبیب ؒکا فتح قیساریہ کایہ احوال نقل کرتے ہیں کہ:

’’وہ لوگ (یعنی مسلمان) قیساریہ پر روزانہ ساٹھ منجینقوں سے گولے باری کرتے تھے‘‘۔

چنانچہ امام نووی ؒفرماتے ہیں:

’’فصل اذا قتل بالسیف لم یقتص منه الا بالسیف لقوله تعالی ﴿فَمَنِ اعْتَدَى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَى عَلَيْكُمْ﴾ ولأن السیف أرجی الآلات فاذا قتل به واقتص بغیره أخذ فوق حقه لأن حقه فی القتل،وقد قتل وعذب فان أحرقه أو غرقه أو رماه بحجر أو رماه من شاهق أو ضربه بخشب أو حبسه ومنعه الطعام والشراب فمات فللولی أن یقتص بذلک لقوله تعالی ﴿وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ﴾ ولما روی البراء رضی اللّٰه عنه أن النبی ﷺ قال:((من حرق حرقناه ومن غرق غرقناه))

(السنن الکبری للبیهقی ۴۳/۸،تفسیر النیسا پوری ۴۱۳/۱،تفسیر الرازی۶۲/۳)ولأن القصاص موضوع علی المماثلة والمماثلة ممکنة بهذه الأسباب فجاز أن یستوفی بها القصاص وله أن یقتص منه بالسیف لأنه قد وجب له القتل والتعذیب فاذا عدل الی السیف فقد ترک بعض حقه فجاز ‘‘۔

(’’المهذب‘‘۱۸۶ /۲)

’’ فصل:جب کوئی تلوار سے قتل کرے تو اس سے صرف تلوار کے ساتھ ہی بدلہ لیا جائے گا اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے کہ:’’لٰذا اگر

کوئی تم پر زیادتی کرے تو تم بھی اس پر اتنی ہی زیادتی کرسکتے ہو جتنی اس نے تم پر کی ہے‘‘۔(البقرہ)چونکہ تلوار قتل کرنے کے آلات میں سے تیز ترین آلہ ہے سو اگر اُس نے اس کے ساتھ قتل کیا مگر اس سے قصاص اس کے علاوہ کسی اور چیز کے ذریعے لیا گیا تو اس سے اس کے حق سے زیادہ لیا گیا کیونکہ اس کے قتل میں تلوار کا حق ہےہوسکتا ہے کہ اس نے (مقتول)کو اذیتیں دے کر قتل کیا ہو تو اگر اُس نے اُسے جلایا ہویا پانی میں غرق کیا ہو یا پتھر سے مارا ہو یا اُسے بلند جگہ سے گرایایا اسے لکڑی سے مارا ہو یا اسے حبس میں رکھا ہو اور اس سے کھانا اور پانی وغیرہ روکا ہو حتی کہ وہ مرگیا تو اس صورت میں وارث کو حق پہنچتا ہے کہ اس سے اسی طریقہ سے بدلہ لے ، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے:۔وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِہِ ’’اور اگر تمہیں بدلہ لینا ہو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنی تم پر زیادتی ہوئی‘‘اوراس حدیث کی وجہ سے کہ جو البراء رضی اللہ عنہ نے بیان کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

’’جس نے جلایا ہم اسے جلائیں گے اور جس نے غرق کیا ہم اسے غرق کریں گے‘‘

(السنن الکبری للبیھقی ۴۳/۸،تفسیر النیسا پوری ۴۱۳/۱،تفسیر الرازیۃ۶۲/۳)

اس لیے بھی کہ قصاص کی بنیاد مماثلت پر ہے اور مماثلت میں یہ اسباب بھی ممکن ہیں لٰہذا انی اسباب کے ساتھ قصاص کا پورا کرنا جائز ہے مگر اس کے لیے تلوار کے ساتھ بدلہ لینا بھی جائز ہے کیونکہ اس (قاتل)پر تو قتل واذّیت دینا ثابت ہوچکا ہے لہذا اگر و (مقتول کا وارث)تلوار کے ذریعے بدلہ لینے کو اختیار کرتے

ہوئے اپنے بعض حقوق سے دستبردار ہوتا ہے(یعنی قاتل کو اسی طرح قتل نہیں کرتا کہ جس طرح مقتول کو قتل کیا گیا) تو یہ بھی اُس کے لیے جائز ہے‘‘۔

امام ابن حجر ؒپھر امام مہلب ؒکا یہ قول نقل کرتے ہیں:

’’وَقَالَ الْمُهَلَّب:لَيْسَ هَذَا النَّهْى عَلَى التَّحْرِيم بَلْ عَلَى سَبِيل التَّوَاضُع،وَيَدُلّ عَلَى جَوَاز التَّحْرِيق فِعْل الصَّحَابَة،وَقَدْ سَمَلَ النَّبِيّ صَلَّى اللَّه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْيُن الْعُرَنِيِّينَ بِالْحَدِيدِ الْمَحْمِيّ،وَقَدْ حَرَقَ أَبُو بَكْر الْبُغَاة بِالنَّارِ بِحَضْرَةِ الصَّحَابَة،وَحَرَقَ خَالِد بْن الْوَلِيد بِالنَّارِ نَاسًا مِنْ أَهْل الرِّدَّة ‘‘

’’یہاں پر (آگ سے جلانے سے)جو منع کیا گیا وہ بطور حرمت نہیں بلکہ اخلاقاً ہے اور یہ اس بات کے جائز ہونے پر دلالت کرتاہے کہ ’’جلانا ‘‘صحابہ کاعمل تھا اور نبی کریمﷺنے لوہے کی گرم سلاخوں کو آنکھوں پر پھیرا اور ابوبکرؓنے باغیوں کو جلایا جبکہ صحابہ کرامؓاس وقت موجود تھے اور حضرت خالدبن ولیدؓنے مرتدین کو جلایا‘‘۔

(فتح الباری،ج۹،ص ۲۳۰،رقم:۲۷۹۳)

(۵)فصلوں اور درختوں کو تباہ کرنے کی ممانعت ختم ہوجاتی ہے:

شریعت کی عمومی رہنمائی تو یہ ہی ہے کہ بغیر کسی ضرورت کے کھیتیوں اور فصلوں کو نہ اجڑا جائے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے کہ :

﴿وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِیْ الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیِْھَا وَیُھْلِکَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللّٰہُ لاَ یُحِبُّ الْفَسَادُ

’’اور جب وہ لوٹ کر جاتا ہے تو زمین میں فساد پھیلانے کی اور کھیتی اور نسل کی بربادی کی کوشش میں لگا رہتاہے اور اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتا‘‘۔

(البقرۃ:۲۰۵)

اسی لئے حضرت ابوبکر ؓاپنے لشکر کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے تھے:

’’(بلا ضرورت)درختوں کو نہیں کاٹو ،تباہی مت مچاؤ،نہ فصلیں برباد کرو‘‘۔

(المغنی،المبسوط،المحلی)

لیکن جب کفار ہماری کھیتیوں اورفصلوں کو تباہ کررہے ہوں اوراملاک کو برباد کررہے ہوں تو پھر مسلمانوں کو بھی اس بات کی اجازت ہے کہ وہ کفار کی کھیتیوں اور فصلوں کو تباہ کریں اور املاک کو برباد کریں تاکہ کفار اپنی حرکتوں سے باز آجائیں۔اس کے علاوہ اگر کفار یہ نہ بھی کررہے ہوں تو ضرورتاً مسلمانوں کے لئے ایساکرنا پھر بھی جائز ہے ۔امام ابن ِ قدامہؒفرماتے ہیں:

’’وَلَا یَقْطَعُ شَجَرَھُمْ ،وَلَا یُحَرِّقُ زَرْعَھُمْ ،الَّا أَنْ یَکُونُوا یَفْعَلُونَ ذَلِکَ فِی بِلَادِنَا،فَیُفْعَلُ ذَلِکَ بِھِمْ لِیَنْتَھُوا وَجُمْلَتُہُ أَنَّ الشَّجَرَ وَالزَّرْعَ یَنْقَسِمُ ثَلَاثَۃَ أَقْسَامٍ؛

أَحَدُھَا:مَا تَدْعُو الْحَاجَۃُ الَی اتْلَافِہِ کَالَّذِی یَقْرُبُ مِنْ حُصُونِھِمْ ،وَیَمْنَعُ مِنْ قِتَالِھِمْ ،أَوْ یُسْتَرُونَ بِہِ مِنْ

الْمُسْلِمِينَ ،أَوْ يَحْتَاجُ الَى قَطْعٍ لِتَوْسِعَةِ طَرِيقٍ،أَوْ تَمَكُّنٍ مِنْ قِتَالٍ،أَوْ سَدِّ بَثْقٍ،أَوْ اصْلَاحِ طَرِيقٍ ،أَوْ سِتَارَةِ مَنْجَنِيقٍ ،أَوْ غَيْرِ ،أَوْ يَكُونُونَ يَفْعَلُونَ ذَلِکَ بِنَا ،فَيُفْعَلُ بِهِمْ ذَلِکَ ، لِيَنْتَهُوا،فَهَذَا يَجُوزُ،بِغَيْرِ خِلَافٍ نَعْلَمُہ .

الثَّانِى:مَا يَتَضَرَّرُ الْمُسْلِمُونَ بِقَطْعِہِ،لِکَوْنِهِمْ يَنْتَفِعُونَ بِبَقَائِہِ لِعَلُوفَتِهِمْ ،أَوْ يَسْتَظِلُّونَ بِہِ ،أَوْ يَأْكُلُونَ مِنْ ثَمَرِہِ،أَوْ تَكُونُ الْعَادَةُ لَمْ تَجْرِ بِذَلِکَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَدُوِّنَا،فَإِذَا فَعَلْنَاہ بِهِمْ فَعَلُوہ بِنَا،فَهَذَا يَحْرُمُ؛لِمَا فِيہِ مِنْ الْاِضْرَارِ بِالْمُسْلِمِينَ .

الثَّالِثُ:مَا عَدَا هَذَيْنِ الْقِسْمَيْنِ،مِمَّا لَا ضَرَرَ فِيہِ بِالْمُسْلِمِينَ،وَلَا نَفْعٌ سِوَى غَيْظِ الْكُفَّارِ،وَالْاِضْرَارِ بِهِمْ،فَفِيہِ رِوَايَتَانِ؛احْدَاهُمَا،لَا يَجُوزُ؛لِحَدِيثِ أَبِى بَكْرٍ وَوَصِيَّتِہِ،وَقَدْ رُوِىَ نَحْوُ ذَلِکَ مَرْفُوعًا الَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ وَلِأَنَّ فِيہِ اتْلَافًا مَحْضًا،فَلَمْ يَجُزْ،كَعَقْرِ الْحَيَوَانِ.وَبِهَذَا قَالَ الأَوْزَاعِىُّ،وَاللَّيْثُ،وَأَبُو ثَوْرٍ.وَالرِّوَايَةُ الثَّانِيَةُ،يَجُوزُ.وَبِهَذَا قَالَ وَمَالِکٌ،وَالشَّافِعِىُّ،وَاِسْحَاقُ،وَابْنُ الْمُنْذِرِ.قَالَ اِسْحَاق:التَّحْرِيقُ سُنَّةٌ،اذَا كَانَ أَنْكَى فِى الْعَدُوِّ .‘‘

’’کفار کے درخت نہیں کاٹنے چاہیے،نہ ان کی فصلیں جلانی چاہیے،جب تک وہ ہماری زمینوں میں یہ نہ کریں،(اور اگر وہ ایسا کریں)تو پھر ان کے ساتھ بھی ایسا ہی کرنا چاہیے ،تاکہ یہ رک جائیں(دوبارہ کرنے سے)اور بنیادی طور پر درخت اور فصلوں (کے احکامات)کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

(ا)......وہ جس کا جلانا ضروری ہے ،جیسا کہ وہ جوان کے قلعوں کے نزدیک ہو اور دشمن کے خلاف لڑنے میں رکاوٹ ہو،یا مسلمانوں کو معذور

کرتی ہو(ان پر حملہ کرنے سے)یا ان کو کاٹنے
کی ضرورت پڑے راستہ کو چوڑا کرنے کی وجہ
سے ،یا جنگ میں مدد کے لئے ،یا راستہ صحیح
کرنے کے لئے ،یا منجنیق وغیرہ کو چھپانے کے لئے
(وغیرہ وغیر)یا اس جیسی اور چیزیں ،یاکفار
ہمارے درختوں اور فصلوں کو تباہ کریں تو پھر
ان کے ساتھ بھی یہی کیا جاسکتا ہے۔ تاکہ ان کو
روکا جاسکے اور اس کی اجازت ہے۔ بغیر کسی
اختلاف کے جس کو ہم جانتے ہوں۔

(۲)......وہ جس کے کاٹنے(تباہ کرنے)سے
مسلمانوں کو نقصان پہنچے:یہ اس لئے کہ اس
کے باقی رہ جانے سے جو فائدہ مسلمانوں کو
پہنچتا ہے، یا اس کے سائے سے،اور اس پر پھل
اور اناج کے کھانے سے،جیساکہ عام طور پر ہوتا
ہے،اور اس سے مسلمان اور کفار کے بیچ نزاع نہ
پیدا ہوتا ہو،تو اگر ہم ان درختوں کو کاٹ دیں یا
جلادیں تو ہوسکتا ہے کہ وہ بھی ہمارے ساتھ
ایسا ہی کریں۔تو یہ منع ہے۔ مسلمانوں کو
ممکنہ نقصان پہنچنے کی وجہ سے۔

(۳)......اور جو ا ن دونوں کے علاوہ ہو:وہ جس
سے مسلمانوں کو نہ فائدہ پہنچتا ہواور نہ
نقصان،سوائے یہ کہ اس سے کفار کو نقصان
پہنچتا ہو یا وہ غضبناک ہوتے ہوں،تو اسکے
سلسلہ میں دو رائے ہیں.........

(الف)......اسکی اجازت نہیں ہے۔ کیونکہ حضرت
ابوبکرtکی وہ حدیث اور اس جیسی اور روایت
شدہ مرفوع(حدیثیں)رسول اللہ ﷺ سے،اور اس
لئے بھی کہ یہ غیرضروری تباہی ہے۔ تو اسکی
اجازت نہیں جیسا کہ جانوروں کو مارنا (بلاوجہ

اس کی اجـــــازت نہیں)اور یہ رائے امـــــام اوزاعیؒ،اللیثؒ اور ابو ثورؒ کی ہے۔

(ب)......اســکی اجـــازت ہے اور یہ رائے امــام مالک،امام شافعی،امام اسحق اور ابن منـذرؒ کی ہے۔ابن اسـحاقؒ کہتے ہیں ’’جلانـا ‘‘نـبی کـریم ﷺکی سنت ہے،جب ایسا کرنا دشمن کے لئے زیادہ نقصان دہ ہو‘‘۔

(المغنی،ج۲۱،ص۱۱۰،مسئلة:۷۵۸۴)

ان تمام دلائـل سـے یہ بـات واضـح ہوگـئی کہ ایسـی صورت جس میں کفار ہماری مال واملاک کوبرباد کـریں اور عورتوں بچوں کاتواترکے ساتھ قتل عام کـریں اور ان کی ہلاکت کا کوئی شمار نہ کرسکتا ہو تو ہم اس چـیز کو ایک ’’ضرورت ‘‘کے طور پر استعما ل کرسـکتے ہیں۔ جیسا کہ ابنِ قدامہ کے الفاظ پہلے بھی گزرچکے ہیں:

’’وَلَا یَقْطَعُ شَجَرَھُمْ،وَلَا یُحَرِّقُ زَرْعَھُمْ،الَّا أَنْ یَکُونُـوا یَفْعَلُونَ ذَلِـکَ فِی بِلَادِنَـا،فَیُفْعَـلُ ذَلِـکَ بِھِمْ لِیَنْتَھُـوا . ... فَھَذَا یَجُوزُ،بِغَیْرِ خِلَافٍ نَعْلَمُہُ‘‘۔

’’کفــار کے درخت نہیں کــاٹنے چــاہئے ،نہ ان کی فصلیں جلانی چاہئے ،جب تک وہ ہمـاری زمینـوں میں یہ نہ کریں،اور اگـر وہ ہمـارے شـہروں میں ایسـا کـریں تـو ہمیں بھی ان کے سـاتھ ایسـا ہی کرنا چاہیے ،تـاکہ ان کـو روکـا جاسـکے.........اس کی اجازت ہے بغیر کسی اختلاف کے جس کـو ہم جانتے ہوں ‘‘

(المغنی،ج۲۱،ص۱۱۰،مسئلة:۷۵۸۴)

شیخ ناصر بن فہد فک اللہ اسرہ فرماتے ہیں نائن الیون کے واقعے کے حوالے سے ''معاملہ بالمثل ''پر گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اگر وہ سب مظالم جو امریکہ پچھلی کئی دہائیوں سے مسلمانوں پرتوڑرہا ہے،ہماری نگاہوں کے سامنے رہیں تو اس نتیجے تک پہنچتے دیر نہیں لگتی کہ امریکہ پر عام تباہی مسلط کرنے کیلئے محض ''معاملہ بالمثل''(یعنی: زیادتی کے برابربدلہ لینے) کا اصول ہی بطور دلیل کافی ہے، مزید دلائل کی ضرورت نہیں.........!بعض بھائیوں نے امریکی اسلحے سے، بالواسطہ یا بلا واسطہ مارے جانے والے مسلمانوں کے اعداد و شمار جمع کئے ہیں، یہ تعداد تقریباً ایک کروڑتک پہنچتی ہے۔جب کہ امریکی بموں، میزائیلوں اور گولہ بارود سے بھسم ہونے والی مسلمانوں کی اراضی کا ٹھیک سے احاطہ کرنا تو اللہ کے سوا کسی کے لئے ممکن نہیں۔ افغانستان اور عراق میں امریکہ نے جو تباہی پھیلائی اس کا حال بھی ہمارے سامنے ہی ہے۔اس کے علاوہ مسلمانوں کی ایک کثیر تعداد وہ بھی ہے جو امریکی حملوں کے نتیجے میں اپنے گھر بار چھوڑنے پر مجبور ہوئی.........چنانچہ اگر امریکیوں پر کوئی ایسا بم گرایا جائے جس سے ان کے ایک کروڑ لوگ مارے جائیں اور ان کی اتنی ہی زمینیں جل کر راکھ ہو جائیں جتنی انہوں نے مسلمانوں کی جلائیں، تو ایسا کرنا بالکل جائز ہو گا اور اس کے جواز کے لئے ''معاملہ بالمثل ''کے علاوہ مزید کوئی دلیل درکار نہیں۔ اضافی دلائل کی ضرورت تو تب پڑے گی اگر ہم اس تعداد سے زیادہ امریکی مارنا چاہیں!''

(’’حکم استخدام أسلحۃ الدمار الشامل ضد الکفار
‘‘باب دوم للشیخ ناصر بن فهد)

باب سوم

شبہات اور ان کا جواب

پہلا شبہ

چند کفار کی جرائم کی سزاان کی پوری قوم سے لینا

کچھ لوگوں کی طرف سے یہ شبہ پیدا کیا جاتا ہے کہ :

’’ تم لوگ ان کفارکی عورتوں اور بچوں کو کیسے قتل کرسکتے ہو کہ جنہوں نے یہ کام مسلمانوں کی عورتوں اور بچوں کے ساتھ کیا ہو؟ تم اس شخص سے انتقام کیونکر لے سکتے ہو کہ جس نے یہ کام کیا ہی نہیں؟ جبکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ:﴿وَلا تَـزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى﴾(الاسراء :۱۵)’’اور کوئی گناہ کا بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا‘‘۔

جواب:

سب سے پہلے مذکورہ بالا شبہے میں دلیل کے طور پر پیش کی جانے والی آیت کے بارے میں سمجھ لینا ضروری ہے کہ اس آیت کا اصل محل و مقام کیا ہے؟
امام ابن کثیرؒ اس آیت کے بارے میں فرماتے ہیں :

’’اخبار عن الواقع یوم القیامة فی جزاء اللّٰہ تعالی وحکمہ وعدلہ،أن النفوس انما تجازی بأعمالها‘‘

’’اور یہ آیت ہمیں بتا رہی ہے کہ یہ اُس صورتِ حال کے حوالے سے جو آخرت کے دن ہوگی،اللہ کے بدلے کے متعلق اور اس کے فیصلے اور انصاف (کے متعلق)کہ جانوں کو اجر (اچھایا برا)ان کے عمل کی بنیاد پر دیا جائے گا ‘‘۔

(تفسیر ابن کثیر،ج۳،ص۳۸۴)

اورامام قرطبیؒ اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’ویحتمل أن یکون المراد بهذہ الآیة فی الآخرة،وکذلک التی قبلها، فأما التی فی الدنیا فقد یؤاخذ فیها بعضهم بجرم بعض،لا سیما اذا لم ینہ الطائعون العاصین‘‘

’’یہ بات طے شدہ ہے کہ یہ آیت آخرت سے متعلق ہے جیسا کہ اس سے پہلے والی آیت مگر جہاں تک اس دنیا کی بات ہے تو یقینا کچھ لوگوں کودوسروں کے جرائم کی سزا بھی ملتی ہے خاص طور پر اگر نیک لوگ فاسق لوگوں کو نہیں روکتے‘‘۔

(تفسیر القرطبی،ج۷،ص۱۵۷)

چنانچہ امام المجاہدین شیخ یوسف العیری ؒ درج بالا شبہ کا بڑ ی خوبصورتی سے رد کرتے ہوئے کہتے ہیں:

’’وهذا الايراد باطل و ينتقض حتى لو قلناه على المقاتلة فكيف يقاتل النبى ﷺ مقاتلة قريش والذى نقض العهد هم بنى بكر بن وائل أو قادة قريش؟ وكيف يقتل النبى ﷺ رجال وشيوخ وأجراء بنى قريظة وهم لم ينقضوا العهد بل نقضه كبراؤهم وأهل الرأى منهم فقتل بجريرتهم سبعمائة نفس،واسترق من بقى؟ وأيضاً كيف يجيز العلماء المثلة مطلقاً برجال العدو ولم يشترطوا أن تكون المثلة بالفاعل؟ولو أن رجلاً قتل آخر فلماذا تتحمل عاقلته الدية ويغرمون والذى ارتكب الجناية فرد منهم وهم لم يشاركوه ورغم ذلک تحملوا جريرته؟ وفى مسألة القسامة أيضاً كيف يجيز الشرع لخمسين رجلاً من أولياء المقتول الذين لم يشهدوا القتل،على أن يقسموا على رجل مشتبه به بأنه قتل وليهم ثم يدفع لهم برمته ليقتلوه ؟كيف يُقتل فى هذه الحالة والادانة هنا لم تكن مؤكدة بالطبع كما هى فى حالة الاقرار أو الشهود ؟‘‘

’’یہ شبہ باطل اور غلط ہے حتی کہ اگرچہ ہم اسے جنگجوؤں پر ہی لاگو کریں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے جنگجوؤں سے لڑتے تھے جبکہ جنہوں نے معاہدہ توڑا تھا وہ تو بنی بکربن وائل یاقریش کے سردار تھے،اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم بنی قریظہ کے مردوں، بوڑھوں اور ان کے مزدوروں سے لڑتے تھے جبکہ انہوں نے تو معاہدہ نہیں توڑاتھا بلکہ اُن کے بڑوں اور ان کے اہل رائے لوگوں نے معاہدہ کی خلاف ورزی کی تھی لہٰذا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اس جرم کی وجہ سے سات سوجانوں کو قتل کیا اور جو بچ گئے انہیں غلام بنالیا۔ اسی طرح علماء

دشمن کے لوگوں کا مُثلہ کرنے کو مطلق طور پر جائز قراردیتے ہیں اور اس کے ساتھ یہ شرط نہیں لگاتے کہ مثلہ صرف فاعل کا کیا جائے گا۔ اسی طرح اگر کوئی آدمی کسی دوسرے شخص کو قتل کردیتا ہے تو اس کا خاندان اس کی جانب سے دیت کا بوجھ کیوں اٹھاتا ہے اور اُن پر جرمانہ کیوں عائد کیا جاتا ہے جبکہ جس نے جرم کا ارتکاب کیا وہ تو اُن میں سے ایک فرد تھا اور وہ اس کے ساتھ شامل بھی نہ ہوئے تھے مگر اس کے باوجود اس کے جرم کی سزابھگت رہے ہیں؟اور اسی طرح قسم اٹھانے کے مسئلے میں بھی شرکت نے مقتول کے ورثاء میں سے ایسے پچاس لوگوں کے لیے کہ جنہوں نے قتل دیکھا بھی نہیں ،جائز قراردیا کہ وہ ایک مشتبہ آدمی کے بارے میں قسم اٹھائیں کہ اس نے ان کے آدمی کو قتل کیا ہے پھر اسے ان کے حوالے کردیا جاتا ہے تاکہ وہ اسے قتل کردیں اس حالت میں کہ جبکہ یہاں تہمت یقینی نہیں تھی جیساکہ اقرار(جرم)یا گواہوں کی موجودگی میں ہوتا ہے‘‘۔

(حقیقة الحرب الصلیبیة الجدیدة،ص۲۵)

پھر شیخ یوسف العیری ؒایک حدیث کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں:

’’وجاء فی الصحیحین کذلک من رافع بن خدیج رضی اللّٰہ عنہ قال کنا مع النبیﷺبذی الحلیفة من تھامة فأصبنا غنما وابلا فعجل القوم فأغلوا بھا القدورفجاءرسول اللّٰہ ﷺ ((فأمربھافأکفئت))، فکیف یعاقب الرسولﷺ ھؤلاء باتلاف اللحم وھو من الغنائم التی لم تقسم بعد وللجیش جمیعاً حق فیہ،والذی اعتدی ھم الذین أغلوا بھا القدور

فقط،فلم تکون العقوبة جماعیة ؟قال ابن حجر فی الفتح ''وحمل البخاری الاکفاء علی العقوبة بالمال وان کان ذلک المال لا یختص بأولئک الذین ذبحوا ،لکن لما تعلق بہ طمعھم ،کانت النکایة حاصلة لھم ''.

'' اور صحیحین میں رافع ابن ِ خدیج کی حدیث میں واقعہ آیا ہے کہ ''ہم اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ تھے ذی الحلیفہ التہامہ میں جب ہمیں(کفارکے) کچھ بکرے اور اونٹ ملے تو لوگوں نے جلدی سے(ذبح کرکے)انہیں اپنی دیگچیوں میں پکالیا ،تو رسول ﷺآئے اور حکم دیا کہ ان کو الٹادیا جائے ''تو کیسے رسول ﷺنے سزا دی ان کو گوشت کو ضائع کر کے جب کہ یہ مال ِ غنیمت میں سے تھا جو اب تک تقسیم نہیں ہوا تھا ، جبکہ پورے لشکر پر اس کا حق تھا ،اور زیادتی صرف انہوں نے کی جنہوں نے اسے دیگچیوں میں پکا لیا،آخر سزا اجتماعی کیو ں دی گئی؟امام ابن حجرؒ الفتح میں فرماتے ہیں:''اورامام بخاری دیگیں الٹانے کو ایک مالی سزا سمجھتے تھے کیونکہ اس مال (پر)صرف ذبح کرنے والوں کا حق نہیں تھا(بلکہ بقیہ مسلمانوں کا بھی تھا)مگر جب ان کی ہوس اس سے جڑ گئی تو پھر سزا ان کو ملی ''۔

(حقیقة الحرب الصلیبیة الجدیدة،ص۲۵)

''وأیضاً یرد علی الایراد المتقدم بعموم قول اللہ تعالی﴿وَاتَّقُوا فِتْنَةً لاتصیبن الَّذِینَ ظَلَمُوا مِنْکُمْ خَاصَّةً وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّہَ شَدِیدُ الْعِقَابِ﴾وقولہ﴿وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيرًا﴾و الشریعة جاءت بمثل ھذہ العقوبات لمثل تلک الحالات من

الجرائم ،لأن ہذہ الجرائم التی حمل الشارع عقوبتها غیر الجناة ہی معاص تعتبر جماعیة بامکان الجماعة اذا علموا أنهم سیعاقبون بها أن یجبروا الجانی علی أن یکف عن ذلک ،لذا جاء ت الشریعة بعقاب الجماعة من أجل الفرد،حثاً للجماعة وتحریضاً لهم علی أن یأخذوا علی ید الجانی قبل أن یفعل ذلک واللہ أعلم‘‘۔

’’اسی طرح مذکورہ بالا شبہ کا ردّ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی عمومیت سے بھی ہوتا ہے کہ:’’اور اس فتنہ سے بچ جاؤ جو صرف انہی لوگوں کے لیے مخصوص نہ ہوگا جنہوں نے تم میں سے ظلم کیا ہو اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے‘‘۔(الانفال)اوراس کا یہ فرمان کہ:’’اور جب ہم کسی بستی کی ہلاکت کا ارادہ کرلیتے ہیں تو وہاں کے عیش پرستوں کو حکم دیتے ہیں تو وہ اس میں بدکرداریاں کرنے لگتے ہیں پھر اسی بستی پر عذاب کی بات صادق آجاتی ہے تو ہم اسے برباد کردیتے ہیں‘‘۔ (الاسراء)شریعت نے جرائم کی مذکورہ بالا حالتوں کی یہ سزائیں رکھی ہیں اس لیے کہ شریعت نے جرائم کی سزا ان کے غیر مرتکب افراد کے لیے رکھی ہیں کیونکہ یہ اجتماعی معصیتیں شمار کی جاتیں ہیں کیونکہ یہ جماعتیں اگر جان لیتیں کہ انہیں بھی اس کی سزا ملے گی تو وہ جرم کا ارتکاب کرنے والے کو اس فعل سے باز رہنے پر مجبور کرتیں۔ اسی لیے شریعت نے فرد کی سزا جماعت کودی تاکہ جماعت کو مجرم کے فعل سے پہلے اس کا ہاتھ پکڑنے پر ابھاراجائے۔ واللہ اعلم‘‘۔

(حقیقة الحرب الصلیبیة الجدیدة،ص۲۵)

اور یہ بات رسول اللہ ﷺ کے عمل سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے مجرم قبیلے کے حلیف قبیلے کے فرد کو بھی مجرم تصور کیا تھا۔ اس کی مزید تائید عمران ابن حصین سے مروی روایت ہے:

((عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كَانَتْ ثَقِيفُ حُلَفَاءَ لِبَنِى عُقَيْلٍ فَأَسَرَتْ ثَقِيفُ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَسَرَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِي عُقَيْلٍ وَأَصَابُوا مَعَهُ الْعَضْبَاءَ فَأَتَى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِى الْوَثَاقِ قَالَ يَا مُحَمَّدُ فَأَتَاهُ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ فَقَالَ بِمَ أَخَذْتَنِى وَبِمَ أَخَذْتَ سَابِقَةَ الْحَاجِّ فَقَالَ اِعْظَامًا لِذَلِكَ أَخَذْتُكَ بِجَرِيرَةِ حُلَفَائِكَ ثَقِيفَ ثُمَّ انْصَرَفَ عَنْهُ فَنَادَاهُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيمًا رَقِيقًا فَرَجَعَ اِلَيْهِ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ قَالَ اِنِّى مُسْلِمٌ قَالَ لَوْ قُلْتَهَا وَأَنْتَ تَمْلِكُ أَمْرَكَ أَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَنَادَاهُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فَأَتَاهُ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ قَالَ اِنِّى جَائِعٌ فَأَطْعِمْنِى وَظَمْآنُ فَأَسْقِنِى قَالَ هَذِهِ حَاجَتُكَ فَفُدِىَ بِالرَّجُلَيْنِ))

’’حضرت عمران بن حصین ؓ سے روایت ہے کہ (طائف کا قبیلہ)ثقیف ،بنو عقیل کے حلیف (اتحادی)تھے۔ ثقیف نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں سے دو آدمیوں کو قید کرلیاتو اصحاب رسول اللہ ﷺ نے بنی عقیل کے ایک آدمی قید کرلیا اور اس کے ساتھ عضباء اونٹی کو بھی گرفتار کرلیا۔ رسول اللہ ﷺ اس قید کئے گئے شخص کے پاس تشریف لائے اس حال میں کہ وہ بندھا ہوا تھا۔ اس نے کہا اے محمد !آپ ﷺ اس کے پاس آئے اور اس سے کہا کیا بات ہے؟تو اس نے عرض کیا آپ ﷺ نے مجھے کیوں پکڑا ہے اور کس وجہ سے حاجیوں پر سبقت لے جانے والی (اونٹنی)کو گرفتار

کیا ہے؟تو آپ ﷺ نے فرمایا :’’اس بڑے قصور کی وجہ سے میں نے تمہیں تمہارے حلیف قبیلہ ثقیف کے بدلے گرفتار کیا ہے۔پھرآپ ﷺ اس سے جدا ہونے لگے تو اس نے آپ ﷺکو اے محمد !اے محمد ! کہہ کرپکارا اور رسول اللہ ﷺ مہربان اور نرم دل تھے،لہٰذا آپ اس کی طرف لوٹے تو پھر فرمایا کہ کیا بات ہے؟ تو اس نے کہا :’میں مسلمان ہوں‘‘۔ آپ ﷺ نے فرمایا :’’کاش !تم یہ بات اس وقت کہتے جب تم اپنے معاملے کے مکمل طور پر مالک تھے ،اگر ایسا ہوتا تو تم پوری کامیابی حاصل کرلیتے‘‘یہ کہہ کر آپ ﷺ پھر پلٹنے لگے تو اس نے آپ ﷺکو اے محمد ! اے محمد!کہہ کر پکارا،آپ ﷺ اس کے پاس آئے اور فرمایا کہ کیا بات ہے؟تو اس نے کہا میں بھوکا ہوں مجھے کھلائیے اور میں پیاسا ہوں مجھے پلائیے ،تو آپ ﷺ نے فرمایا :’’یہ تمہاری حاجت و ضرورت ہے یعنی اسے کھلایا اور پلایا ،پھر اسے ان دو آدمیوں کا فدیہ بنایا گیا (جنہیں ثقیف نے گرفتار کیا تھا)‘‘۔

(صحیح مسلم،ج۸،ص۴۲۶،رقم الحدیث:۳۰۹۹)

درج بالا حدیث میں مندرجہ ذیل نکات قابل غور ہیں :

(۱) کفار کے ایک قبیلے نے دومسلمانوں کو قید کرلیا۔

(۲) صحابہ نے بدلے میں اغوا کرنے والے قبیلے کے حلیف کے ایک فرد کو قید کرلیا۔

(۳) اللہ کے رسول ﷺ فرمایا ’’میں نے تمہیں تمہارے قبیلے کے حلیف (اتحادی) کے جرم کی بنا پرقید کیا ہے‘‘۔

(۴) اور یہ بات تو واضح ہے ہی کہ وہ کافر مرد کسی جرم کا قصوروار نہیں تھا۔

(۵) اور نہ ہی جرم والا عمل اس کے قبیلے (بنو عقیل) کا تھا جس سے اس کا تعلق تھا۔

(۶) جرم بنو ثقیف کا تھاجو کہ حلیف(اتحادی) تھے اُس قبیلے کے جس سے اِس شخص کا تعلق تھا ۔

شیخ یوسف العیریؒ اس حدیث کی پر وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

’’اور رسول اللہ ﷺ یہ عمل کرکے کوئی زیادتی نہیں کررہے تھے کیونکہ جنگ کی صورت میں ایسے افعال ضرورت بن جاتے ہیں تاکہ اہلِ اسلام کی حفاظت ممکن بنائی جاسکے ،اور یہ ممکن ہی نہیں کہ مسلمانوں کی عزت کی حفاظت کی جاسکے بجز اس کے کہ ایسے افعال کئے جائیں‘‘۔

(التبیان فی استھداف النساء والصبیان،ص۱۰۵)

شیخ علی الخذیر فک اللہ اسرہ اس حدیث کے نتائج کی وضاحت کرتے ہوئے کہتے ہیں:

’’ہم (اور علماء)اس حدیث کے متعلق کہتے ہیں کہ اگر مجرمین کا تعلق ایک گروہ سے ہویا طائفہ ممتنعہ سے یا کوئی ایسا ملک ہو جو کہ ملوث ہو ں (مسلمانوں سے جنگ کرنے میں)تو یہ جائز ہے کہ ان میں سے جو مجرم نہ ہو ان کوبھی سزا دی جاسکے ان جرائم کی بناء پر جو ان کے دیگر لوگوں نے کیا ہو،اور ہم کہتے ہیں کہ

اگر یہ کام نہ ہوتا تو جہاد ناکام ہوجاتا اور دشمنانِ دین کو غلبہ حاصل ہوجاتا‘‘۔

(التبیان فی استهداف النساء والصبیان،ص۱۰۵)

یاد رہے کہ ایسا فعل صرف کافروں کے ساتھ کرنا جائز ہے۔باقی رہے کہ وہ ممالک اسلامیہ جہاں بدقسمتی سے طواغیت کی حکمرانی ہے جوکہ کفار کے اتحادی ہی نہیں بلکہ خطِ اوّل کے سپاہی بنے ہوئے ہیں لہٰذاان طواغیت کے لشکروں اور ان سے متعلقہ معاونین کے ساتھ ایسا کرنا جائز ہے مگر عام مسلمان ایسے فعل سے مستثنیٰ ہوں گے سوائے اس کے جس کے بارے میں ثابت ہوجائے کہ وہ بھی انہی طواغیت کے انصار واعوان میں سے ہے۔واللہ اعلم

دوسرا شبہ

کفار کو دعوت پہنچائے بغیر ان پر عام حملہ کرنا

کچھ لوگوں کی طرف سے یہ اعتراض کیا جاتاہے کہ

’’ٹھیک ہے کہ کفار کی جان ومال اور عزت کی کوئی حرمت نہیں لیکن ان پر عام حملہ کرنے اور ان پر تباہی مسلط کرنے سے پہلے ان پر اسلام کی دعوت کا پہنچانا ضروری ہے ورنہ اس کے بغیر ایسے افعال کی شریعت میں اجازت نہیں‘‘

اس کی دلیل میں وہ احادیث پیش کی جاتی ہیں جس میں رسول اللہﷺنے صحابہ کرامؓ کو کفار پر چڑھائی کرنے سے پہلے ان کو اسلام کی دعوت پیش کرنے کا حکم دیا اور اس کے بغیر حملہ کرنے کی ممانعت

کی۔جیساکہ صحیح مسلم کی ایک طویل حدیث میں آتاہے کہ:

((وَاِذَا لَقِیتَ عَدُوَّکَ مِنْ الْمُشْرِکِینَ فَادْعُهُمْ اِلَی ثَلَاثِ خِصَالٍ أَوْ خِلَالٍ فَأَیَّتُهُنَّ مَا أَجَابُوکَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَکُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی الْاِسْلَامِ فَاِنْ أَجَابُوکَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَکُفَّ عَنْهُمْ))

’’جب تمہار اپنے دشمن مشرکوں سے مقابلہ ہوجائے تو ان کو تین باتوں کی دعوت دینا ،وہ ان میں سے جس کو بھی قبول کرلیں تو ان سے جنگ سے رک جانا ،اوّل ان کو اسلام کی دعوت دو ،اگر وہ اسلام قبول کرلیں تو ان سے جنگ نہ کرنا ‘‘۔

(صحیح مسلم،ج۹،۱۵۰،رقم الحدیث:۳۲۶۱)

پھر رسول اللہ ﷺنے دوسری صورت یہ بتائی کہ ان کو جزیہ کی دعوت دینا اور اگر وہ بھی قبل نہ کریں تو پھر ان سے جنگ کرنا۔

جواب:اس ضمن میں سب سے پہلے یہ بات سمجھنے کی ہے کہ کفار کے سامنے دین اسلام کی دعوت پیش کرنے کے حوالے سے پہلی صورت یہ ہے کہ ’’اقدامی جہاد‘‘ہو یعنی مسلمان کفار پر حملہ آور ہوں تو اس صورت میں کفار کے سامنے دین اسلام کی دعوت پیش کرنا واجب ہے جبکہ ان تک یہ دعوت کسی بھی ذریعے سے نہ پہنچی ہواور اگر یہ دعوت پہنچ گئی ہوتو پھر یہ دعوت دینا مستحب ہے،یعنی پسندیدہ ہے اور چھوڑنے پر گناہ نہیں۔امام ابوحنیفہؒفرماتے ہیں:

’’اگر ان کفارتک اسلام کی دعوت بالکل نہیں پہنچی ہے تو امیر الحرب کے لئے ان سے لڑنا مناسب نہیں ہے اور اگر ان کو اسلام کی دعوت

پہنچی ہے تو پھر امیر الحرب کے لئے مستحب ہے
کہ لڑائی سے پہلے ان کو دعوتِ اسلام دے ورنہ
جزیہ کی ادائیگی کا کہے۔تاہم اگر واجب دعوت
سے پہلے پہلے کسی نے کسی کافر کو قتل کردیا
تو نہ دیت ہے اور نہ قصاص ‘‘ ۔

(رحمة الامت فی اختلاف الائمة،ص:۲۹۳)

جیساکہ یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ ’’اقدامی جہاد
‘‘میں کفار تک اگردعوت پہنچی چکی ہوتو ان کو
دوبارہ دعوت دینا گوکہ مستحب ہے لیکن اگر اس
دعوت دینے میں جنگی حکمت عملی کے تحت مسلمانوں
کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتو پھر دعوت نہیں دی
جائے گی ۔چناچہ فقہ حنفی کی مشہور کتاب ’’در
مختار ‘‘سمیت دیگر کتابوں میں یہ مسئلہ واضح طور پر
لکھا ہے کہ :

’’(فان حاصرناهم دعوناهم الی الاسلام فان
أسلموا)فبها (والا فالی الجزیة)لو محلا لها کما
سیجئی (فان قبلوا ذلک فلهم ما لنا)من الانصاف
(وعلیهم ما علینا)من الانتصاف......(وندعو ندبا
من بلغته الا اذا تضمن ذلک ضررا)ولو بغلبة
الظن،کأن یستعدون أو یتحصنون فلا یفعل
فتح(والا)یقبلوا الجزیة(نستعین باللّٰه ونحاربهم
بنصب المجانیق وحرقهم وغرقهم وقطع
أشجارهم)‘‘۔

’’اگر ہم نے کفار کا محاصر کرلیا ہوتو ہم ان کو
پہلے اسلام کی طرف بلائیں گے۔اگر انہوں نے
اسلام قبول کرلیا تو بہت اچھا ورنہ پھر جزیہ دینے
کی طرف بلائیں گے ۔اگر انہوں نے اس کو قبول
کرلیا تو پھر ہم اور وہ قانون اسلام اور قانون
انصاف کے سامنے یکساں ہوں گے.........اورجن

کفار تـک اسـلام کی دعـوت نہ پہنچی ہو ان سـے قبل از دعـوت لڑنـا جـائز نہیں ہے۔ لیکن جن کفـار تـک دعـوت پہنچی ہو تـو ان کـو پھـر دعـوت دینـا مســتحب ہے۔ ہاں اگــر اس دعــوت میں جنگی حکمت عملی کے تحت ہمیں نقصــان پہنچــنے کـا اندیشہ ہو توپھر دعـوت نہیں دی جـائے گی ۔اگـر کفار نے جزیہ قبول کرنے سے بھی انکـار کردیـا تـو پھــر ہم اللہ کـا نـام لے کـر ان سـے لـڑیں گے ۔ منجنیق سـے ان پـر گـولہ بـاری کـریں گے،آگ سـے انہیں جلائیں گے یـــا پـــانی میں ڈبـــوئیں گے اور ضرورت پڑنے پر ان کے باغات اور کھیتوں کــو بھی تباہ کردیں گے‘‘۔

(در المختار،ج۴،ص۳۰۵)

اســی طــرح فقہ حنفی کی مشــہور کتــاب ’’ہدایہ ‘‘میں یہ بات مذکور ہے کہ:

’’(وَلَا يَجُــوزُ أَنْ يُقَاتِــلَ مَنْ لَمْ تَبْلُغْــ الــدَّعْوَةُ الَى الْاِسْلَامِ الَّا أَنْ يَدْعُوُ)لِقَوْلِ عَلَيْ الصَّـلَاةُ وَالسَّـلَامُ فِى وَصِيَّةِ أَمَرَاءِ الْأَجْنَادِ(فَـادْعُهُمْ الَى شَهَادَة أَنْ لَا الَہَ الَّا اللَّــ)وَلِأَ نَّهُمْ بِالـدَّعْوَةِ يَعْلَمُـونَ أَنَّا نُقَـاتِلُهُمْ عَلَى الــدِّينِ لَا عَلَى سَــلْبِ الْأَ مْــوَالِ وَسَــبْيِ الــذَّرَارِيِّ فَلَعَلَّهُمْ يُجِيبُونَ فَنُكْفَى مُؤْنَةُ الْقِتَالِ،وَلَوْ قَاتَلَهُمْ قَبْلَ الـدَّعْوَةِ أَثِمَ لِلنَّهْيِ،وَلَا غَرَامَةَ لِعَـدَمِ الْعَاصِـمِ وَهُـوَ الــدِّينُ أَوْ الْاِحْـرَازُ بِالــدَّارِ فَصَــارَ كَقَتْــلِ النِّسْــوَانِ وَالصِّـــــبْيَانِ(وَيُسْــــتَحَبُّ أَنْ يَـــــدْعُوَ مَنْ بَلَغَتْــ الدَّعْوَةُ)مُبَالَغَةً فِى الْاِنْذَارِ ،وَلَا يَجِبُ ذَلِکَ لِأَ نَّــ صَحَّ (أَنَّ النَّبِيَّ عَلَيْ الصَّــلَاةُ وَالسَّــلَامُ أَغَــارَ عَلَى بَنِى الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّونَ)‘‘۔

''جس شخص کو اسلام کی دعوت نہ پہنچی ہو دعوت دینے سے پہلے اس سے لڑنا جائز نہیں کیونکہ نبی کریم ﷺ اپنے فوجی کمانڈروں کو یہ وصیت فرمایا کرتے تھے کہ ''ان کفار کو پہلے کلمۂ شہادت کی دعوت دیا کرو''اور اگر ان کو دعوت پہنچی ہے تو پھر دعوت دینا مستحب ہے کہ دعوت دینے میں خوب مبالغہ ہوجائے لیکن یہ دعوت واجب نہیں ہوگی کیونکہ نبی کریم ﷺ کی یہ صحیح حدیث ہے کہ آپ نے بنی مصطلق پر اس طرح چھاپہ مارکر حملہ بول دیا تھا کہ وہ لوگ بالکل بے خبر تھے اور اسی طرح آپ نے اسامہ بن زیدt کو حکم دیا تھا کہ صبح سویرے علاقے ''ابنی''کے لوگوں پر چھاپہ مار کاروائی کرو اور پھر علاقے میں آگ لگادو (ظاہر ہے) کہ چھاپہ مارکر غارتگری کی کاروائی دعوت کے ساتھ نہیں ہوسکتی ہے''۔

(العناية شرح الهداية،ج۷،ص۴۴۳)

یہ بات بھی واضح رہے کہ کفار تک دعوت اسلام پہنچنے کا مطلب کیا ہے اور اس کا معیار کیا ہے؟فقہاء نے اس کو یوں واضح کیا ہے:

''بُلُوغُ الدَّعْوَةِ حَقِيقَةً أَوْ حُكْمًا بِأَنْ اسْتَفَاضَ شَرْقًا وَغَرْبًا أَنَّهُمْ الَى مَاذَا يَدْعُونَ وَعَلَى مَاذَا يُقَاتِلُونَ فَأُقِيمَ ظُهُورُهَا مَقَامَهَا انْتَهَى ''

''دعوت پہنچنا دو قسم پر ہے ،حقیقتاً یا حکماً، اور حکماً اس طرح ہوتا ہے کہ مغرب و مشرق میں مشہوراور عام ہوجائے کہ یہ مسلمان کس چیز کی طرف بلاتے ہیں اور کس چیز پر ''لڑتے ''ہیں ۔چنانچہ اس ظاہری شہرت کو حقیقت کا قائم مقام سمجھا جائے گا''۔

(فتح القدیر،ج:۱۲ص:۳۹۴)

اسی لئے امام ابن حجرؒامام مالک ؒکا یہ قول نقل فرماتے ہیں :

’’قَالَ مَالِک:مَنْ قَرُبَتْ دَارُہ قُوتِلَ بِغَیْرِ دَعْوَۃ لِاشْتِہَارِ الْاِسْلَامِ وَمَنْ بَعُدَتْ دَارُہ فَالدَّعْوَۃُ أَقْطَعُ لِلشَّکِّ‘‘

’’جن کفار کے گھر ہمارے قریب ہو تو ان کو ’’دعوت اسلام‘‘دینے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ بوجہ پڑوسی کے دعوت الی الاسلام کو جانتے ہیں (مگر مانتے نہیں)۔اس لئے ان کے ساتھ لڑائی لڑی جائے گی اور ان کی غفلت کا انتظار نہیں کیاجائے گا ،اور جن کے گھر ہم سے دور ہوں تو ان کو دعوت دینا ضروری ہے تاکہ شک و شبہ دور ہوجائے‘‘۔

(فتح الباری،ج۹،ص۱۰۹)

اسی لئے بعض فقہاء کے نزدیک اب کافروں کو’’اقدامی جہاد ‘‘سے پہلے دین اسلام کی طرف دعوت دینا ضروری ہی نہیں سمجھتے۔امام شافعیؒفرماتے ہیں :

’’ میں آج کسی مشرک کو ایسا نہیں پاتا کہ اس کو کسی نے کسی طریقے سے اسلام کی دعوت نہ پہنچی ہو۔ ہاں ممکن ہے کہ مملکت ترکیہ کے پیچھے کچھ مشرک قومیں ہو ں یا خزر (چیچنیا)کے پیچھے کچھ ایسے لوگ ہوں جن تک دعوت نہ پہنچی ہو تو ان لوگوں سے اگر لڑائی لڑنی ہوتو دعوت اسلام سے پہلے لڑائی نہیں ہونی چاہیے‘‘۔

(رحمة الامت فی اختلاف الائمة،ص:۲۹۳)

امام ترمذی ؒایک حدیث کی شرح میں’’دعوت‘‘ کے حوالے سے سلف کے اقوال یوں نقل کرتے ہیں:

’’و قَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ لَا دَعْوَةَ الْيَوْمَ و قَالَ أَحْمَدُ لَا أَعْرِفُ الْيَوْمَ أَحَدًا يُدْعَى ‘‘

’’ اور بعض اہل علم یہ کہتے ہیں کہ آج دعوت کی ضرورت نہیں اور امام احمد بن حنبلؒفرماتے ہیں کہ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ آج کل کسی(کافر)کو دعوت دینا ضروری ہے‘‘۔

(سنن الترمذی،ج:۶،ص:۳۷،رقم الحدیث:۱۴۶۸)

یہ ہیں وہ احکامات جو کہ ’’اقدامی جہاد ‘‘کی صورت میں دعوت الی الاسلام کے لئے شریعت نے واضح کئے۔

چنانچہ غور کرنے کی بات ہے جب ’’اقدامی جہاد ‘‘کے دوران مسلمانوں کے کسی نقصان کے اندیشے یا جنگی حکمت عملی کی بناء پر کفار کو دوبارہ دعوت دینے سے منع کیا گیا ہو تو پھر کیسے مسلمانوں پر یہ فرض عائد ہوجائے گا کہ وہ ’’دفاعی جہاد‘‘کے دوران کفار کو دعوت دیں جبکہ ایک طرف کفار مسلمانوں کا قتل عام کررہے ہوں اور مسلمانوں کی املاک برباد کررہے ہوں اور دوسری طرف فقہاء کرام اس بات کی سراحت کرچکے ہوں کہ اب کفار کو دعوت دینا ضروری نہیں ہے۔اگر کوئی دعوت دیتا ہے تو مستحب ہے لیکن نہ دینے والے پر کوئی گناہ نہیں۔

لیکن اس کے باوجود کوئی شخص یہ دعویٰ کرتا ہے کہ ایسے کفار موجود ہیں جن تک اسلام کی دعوت نہیں پہنچی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایسی صورت

میں بھی ،جوکہ خارج از امکان ہے ،اگر کوئی کافر قتل ہوجائے تو پھر بھی حملہ آور مسلمان پر کوئی قصاص و کفارہ نہیں ہےجیساکہ ہم شروع میں امام ابوحنیفہؒ کا قول پڑھ آئے کہ:

’’تاہم اگر واجب دعوت سے پہلے پہلے کسی نے کسی کافر کو قتل کردیا تو نہ دیت ہے اور نہ قصاص ‘‘ ۔

لیکن جب کفارمسلمانوں پر حملہ آور ہوجائیں،تو فقہاء کرام کے نزدیک یہ متفقہ مسئلہ ہے کہ:

’’وَاِنْ هَجَمُوْاعَلَيْنَا سَقَطَتِ الدَّعْوَةُ‘‘

’’ اگر کفار نے ہم پر چڑھائی کر کے ھلہ بول دیا تو دعوت ساقط ہوجائے گی‘‘۔

(الکوکب الدری شرح ترمذی صفحہ۴۱۳،از مفتی رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ)

امام شافعیؒ فرماتے ہیں:

’’قَالَ الشَّافِعِیُّ لَا يُقَاتَلُ الْعَدُوُّ حَتَّى يُدْعَوْا اِلَّا أَنْ يَعْجَلُوا عَنْ ذَلِکَ فَاِنْ لَمْ يَفْعَلْ فَقَدْ بَلَغَتْهُمْ الدَّعْوَةُ‘‘

’’امام شافعی فرماتے ہیں کہ دشمن کو اسلام کی دعوت دینے سے پہلے جنگ نہ لڑی جائے مگر یہ کہ وہ خود ابتداء کردیں اوراس صورت میں اگر انہیں دعوت نہ دی گئی توحقیقت یہ ہے کہ انہیں پہلے ہی دعوت اسلام پہنچ چکی ہے‘‘۔

(سنن الترمذی،ج:۶،ص:۳۷،رقم الحدیث:۱۴۶۸)

تیسرا شبہ

اگـــــردار الحـــــرب میں کفـــــارکی عـــــورتیں اور بچے بے قصـــــو ربھی مارے جائیں تواس کاشرعی حکم

کچھ لوگوں کـا یہ اعـتراض ہوتـا ہے کہ شـریعت میں کفار کی عورتوں اور بچوں بے قصور مـارنے کی ممـانعت تـو بحـر حـال وارد ہوئی ہے لہذا دار الحـرب میں عـام حملے کـــرنے کی صـــورت میں بعض اوقـــات کفـــار کی عورتیںاور بچے بے قصـور مـارے جـاتے ہیں چنانچہ ایسـی کسـی بھی صـورت میں جب کفـار کی عـورتیں اور بچے مارے جائیں تو اس کا وبال کس پر ہوگـا اور ایسـا کـرنے والا تو بحر حال قابل گرفت ہے؟

جواب:

امام سرخسی الحنفیؒوضاحت کرتے ہیں:

’’وَمَنْ قَتَلَ أَحَدًا مِنْ هَـؤُلَاءِ قَبْـلَ وُجُـودِ الْقِتَـالِ مِنْـہُ فَلَا كَفَّارَةَ عَلَيْہِ وَلَا دِيَـــةَ .لِأَنَّ وُجُوبَهُمَـــا بِاعْتِبَـــارِ الْعِصْـــمَةِ وَالتَّقَـــوُّمِ فِی الْمَحَـــلِّ،وَذَلِـــکَ بِالـــدَّيْنِ أَوْ بِالـــدَّارِ،وَلَمْ يُوجَـدْ وَاحِـدٌ مِنْهُمَـا،وَإِنَّمَـا حَـرُمَ قَتْلُهُمْ لِتَوْفِـيرِ الْمَنْفَعَـةِ عَلَى الْمُسْـلِمِينَ،أَوْ لِانْعِـدَامِ الْعِلَّةِ الْمُوجِبَةِ لِلْقَتْلِ ،وَهِیَ الْمُحَارَبَـةُ،لَا لِوُجُـودِ عَاصِـمٍ أَوْ مُقَوِّمٍ فِی نَفْسٍفَلِهَـذَا لَا يَجِبُ عَلَى الْقَاتِـلِ الْكَفَّارَةُ وَالدِّيَةُ،وَإِلَى هَذَا أَشَـارَ رَسُـولُ اللَّہِ صَـلَّى اللَّہُ عَلَيْہِ وَآلِہِ وَسَـــلَّمَ فِی حَـــدِيثٍ بِقَـــوْلِہِ((هُمْ مِنْهُمْ)) يَعْنِی أَنَّ ذَرَارِيَّ الْمُشْرِكِينَ مِنْهُمْ ، فِی أَنَّـہُ لَا عِصْمَةَ لَهُمْ وَلَا قِيمَةَ لِذِمَّتِهِمْ .‘‘

’’(کافر)عورتیں ، بچے ،پاگل اور بوڑھے جو دارالحرب کے مکین ہیں ان کو نہیں مارنا چاہئے اور جو کوئی اِن میں سے کسی کو مارے بغیر اس کے کہ وہ آپ سے لڑتے ہوں تواس کے باوجود اس پر کفارہ نہیں آتا اور نہ ہی دیت(یہ تو دور کی بات ہے کہ اسے سزا ملے)اور یہ اس لئے کہ کفار ہ اور دیت لازم اسی چیز پر آتی ہے جس کی حرمت اور حفاظت فی نفسہٖ ہو اور یہ حرمت اور حفاظت صرف اسلام سے اور دارالاسلام سے ملتی ہے ۔اور اس مسئلہ میں دونوں میں سے کوئی چیز بھی موجود نہیں ہے اس کے باوجود بھی ان عورتوں اور بچوں کو مارنا فقط اس لئے منع ہے کہ ان(کوغلام اور باندیاں بنانے)سے ممکنہ فائدہ پہنچ سکتا ہے اور اس لئے بھی کہ وہ بنیاد موجودنہیں جس سے ان کا قتل لازمی آتا ہے یعنی جنگ ،اوراس لئے نہیں کہ ان کی کوئی عصمت اور مرتبہ فی نفسہ موجود ہوں اسی لئے ان کے قتل کرنے پر کفارہ یا دیت واجب نہیں ہوتی۔چناچہ اسی بات کی طرف اللہ کے رسول ﷺنے اشارہ کیا جب انہوں نے کہا’’یہ انہی میں سے ہیں‘‘مطلب یہ کہ مشرکین کی عورتیں اور بچے یقینا مشرکین میں سے ہی ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کی کوئی حرمت نہیں اور نہ ہی کوئی مرتبہ ہے جس کو تاتارنہ کیا جاسکے‘‘۔

امام کاسانی الحنفی ؒفرماتے ہیں

’’وَلَوْ قُتِلَ وَاحِدٌ مِمَّنْ ذَكَرنَا أَنَّــ لَا يَحِلُّ قَتْلُــ فَلَا شَيْئَ فِيِ مِنْ دِيَــةٍ وَلَا كَفَّارَةٍ ،اِلَّا التَّوْبَــةُ وَالِاسْـتِغْفَارُ ؛ لأَ نَّ دَمَ الْكَافِرِ لَا يَتَقَوَّمُ اَلَّا بِالْأَ مَانِ‘‘

’’اگر ان میں سے کوئی بھی جن کا ہم نے ذکر کیا ہے (یعنی عورتوں ،بچوں اور بوڑھو ں میں

سے)جن کو قتل کرنا جائز نہیں ہےلیکن اگر ان میں سے کسی کو قتل کردیا جائے تو دیت اور کفارہ لازم نہیں آتاسوائے توبہ واستغفار کے اور یہ اس لئے کہ کافر کے خون کی کوئی قیمت نہیں سوائے عہد کے‘‘۔

(بدائع الصنائع،ج۱۵،ص۲۸۴)

امام ابن نجم فرماتے ہیں:

’’لَوْ قَتَلَ مَنْ لَا يَحِلُّ قَتْلُهُ مِمَّنْ ذَكَرْنَا فَلَا شَيْءَ فِيهِ مِنْ دِيَةٍ وَلَا كَفَّارَةٍ إلَّا التَّوْبَةُ، وَالِاسْتِغْفَارُ ؛ لِأَنَّ دَمَ الْكَافِرِ لَا يَتَقَوَّمُ إلَّا بِالْأَمَانِ‘‘

’’اور اگر کوئی قتل کردے کسی ایسے شخص کو جسے قتل کرنا ممنوع ہے جن کا ہم نے ذکر کیا ہے (جیسے عورتیں اور بچے)تو اس پر کوئی چیز لازم نہیں آتی جیساکہ دیت یا کفارہ،بس یہ کہ (اس پر لازم ہے کہ)وہ توبہ اور اللہ سے معافی مانگے۔اور یہ اس لئے کہ کافر کے خون کی کوئی قیمت نہیں سوائے عہد کے جو موجود نہیں ہے‘‘

(البحرالرائق شرح کنز الدقائق،ج۱۳،۳۱۳)

امام شافعی ؒفرماتے ہیں:

’’وللمسلمین أن یشنوا علیهم الغارة لیلا ونهارا فان أصابوا من النساء والولدان أحدا لم یکن فیه عقل ولا قود ولا کفارة‘‘

’’ اورمسلمانوں کے لئے اس کی اجازت ہے کہ کفار پر رات کو اور دن کو حملہ کیا جائے اور اس کے نتیجے میں(بلاارادہ)عورتیں اور بچے مارے

جائیں اس(کام کے کرنے والے)پر کوئی دیت اور کفارہ اورمعاوضہ نہیں‘‘۔

(الأم،ج۴،ص۴۵۲)

یہاں بھی ایک بات نوٹ کرنے کی ہے کہ امام شافعیؒاس بات کی وضاحت کررہے ہیں کہ کفارپر حملے کے دوران ان کی عورتوں اور بچوں کے (بلاارادہ)مارے جانے میں کوئی حرج نہیں چاہے وہ وقت رات کا نہ ہو بلکہ یہ کام دن کی روشنی میں ہو۔

کفار کی عورتیں اور بچے مسلمانوں کا مال غنیمت ہیں:

جیسا کہ ہم سمجھ چکے ہیں کہ کفار کے بچوں اور عورتوں کی حرمت مطلق(عام)نہیں ہے بلکہ یہ اس وجہ سے ہے کہ یہ مسلمانوں کی منفعت یعنی ان کا مال غنیمت ہیں۔حافظ ابنِ حجرؒامام طبرانیؒکو نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

’’وَرَوَاہُ الطَّبَرَانِیُّ فِی الْأَوْسَطِ مِنْ حَدِیث أَبِی سَعِید قَالَ’’نَہْی رَسُول اللَّہ صَلَّی اللَّہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْل النِّسَاء وَالصِّبْیَان وَقَالَ:’’ہُمَا لِمَنْ غَلَبَ ‘‘

’’ابو سعید سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے‘‘۔امام طبرانی اس روایت پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں ’’یہ اس لئے کہ وہ فاتح (مجاہدین) کا مال ہیں۔‘‘

(فتح الباری،ج۹،ص۲۲۸،رقم الحدیث:۲۷۹۲)

امام رملیؒفرماتے ہیں:

